۶۲۹ - **ادارہ** : بنگلہ زبان اور رسم الخط ۔ ''اردو'' دہلی ، جولائی ۱۹۳۶ء ، ص : ۱۸۳ -

۶۳۰ - **ادارہ** : اردو زبان اور اس کا رسم الخط۔ ''قومی زبان'' حیدرآباد (دکن) ، اگست ۱۹۶۳ء -

۶۳۱ - **اسلم ، ایم** : رسم الخط کا مسئلہ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، جولائی ۱۹۶۲ء -

۶۳۲ - اطہر ، پروفیسر محمد سلیمان : عربی رسم الخط ۔ آغاز و ارتقا ۔
''ترجمان الحدیث'' لاہور ، جون ۱۹۷۷ء ، ص : ۳۱ -

۶۳۳ - افضل حسین ، ڈاکٹر : اردو کے لیے آسان خط (رومن) ''مجلہ
انجمن عربی و فارسی'' لاہور ، نومبر ۱۹۵۹ء ، ص : ۱ -

۶۳۴ - اکبر الدین صدیقی : رسم الخط کا مسئلہ ۔ ''اردو نامہ'' کراچی ،
اکتوبر ۱۹۶۱ء ، ص : ۷۵ -

۶۳۵ - اگروال ، ڈاکٹر وی ایس : دیوتا گری رسم الخط ۔ ''سب
رس'' حیدرآباد (دکن) ، ۱۹۶۷ء ، ص : ۸ -

۶۳۶ - اگروال ، ڈاکٹر وی ایس : (۱) رسم خط کی کہانی ۔ ''مورچہ''
آگرہ ، ۲۱ اگست ۱۹۶۵ء ، ص : ۷ -
(۲) رسم خط کی کہانی ۔ ''مورچہ'' آگرہ ، ۲۸ اگست ۱۹۶۵ء ،
ص : ۱۱ -

۶۳۷ - التفات حسین ، سید ۔ اردو رسم الخط کے متعلق ایک مشورہ ۔
''اردو'' دہلی ، اکتوبر ۱۹۳۶ء ، ص : ۵۹۴ -

۶۳۸ - امام مرتضیٰ نقوی : اردو کا رومن رسم الخط کیوں ؟ ''ہماری
زبان'' دہلی ، ۸ نومبر ۱۹۸۳ء ، ص : ۸ -

۶۳۹ - انتظار حسین : پھول اور رسم الخط ۔ ''قومی زبان'' کراچی ،
یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۳۹ -

۶۴۰ - انوارالحق : مغربی پاکستان کا مشترک رسم الخط ۔ ''اردو
نامہ'' کراچی ، اکتوبر ۱۹۶۲ء ، ص : ۷۵ -

۶۴۱ - باوکر ، عبدالرحمٰن : (۱) پاکستان کے لیے رسم الخط کا مسئلہ ۔
''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۳۷ -
(۲) پاکستان کے لیے رسم الخط کا مسئلہ ۔ ''الزبیر'' بہاول پور ،
۱۹۶۲ء ، ص : ۱۰۴ -

۶۴۲ - **برق ، غلام جیلانی** : لاطینی رسم الخط اور اردو ۔ ''کوہستان''، لاہور ، ۳ جولائی ۱۹۶۲ء ۔

۶۴۳ - **برق ، غلام جیلانی** : لاطینی رسم الخط کی حمایت میں ایک خط ۔ ''کوہستان'' لاہور ، ۱۹ جولائی ۱۹۶۲ء ۔

۶۴۴ - **بشیر احمد ، میاں** : ہمارا رسم الخط ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۱۴ ۔

۶۴۵ - **بشیر احمد بگٹی** : بلوچی رسم الخط کا مسئلہ ۔ ''بلوچی دنیا'' ملتان ، نومبر ۱۹۷۳ء ، ص : ۳۳ ۔

۶۴۶ - **بنسی لال شرما** : (۱) اردو رسم الخط منظم اور مدلل اور صوت کے اصولوں پر مبنی ۔ ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۲۲ مارچ ۱۹۶۳ء ،
(۲) اردو رسم الخط منظم اور مدلل اور صوت کے اصولوں پر مبنی ۔ ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۸ مئی ۱۹۶۳ء ۔
(۳) اردو رسم الخط منظم اور مدلل اور صوت کے اصولوں پر مبنی ۔ ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، یکم جون ۱۹۶۳ء ۔

۶۴۷ - **پر بھارت (جالندھر)** : سرکاری زبان اور اس کا رسم الخط ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۲۴ اگست ۱۹۵۶ء ، ص : ۹ ۔

۶۴۸ - **پیر اے ۔ کے** : کشمیری رسم الخط ۔ ''تعمیر'' ، مارچ ، اپریل ۱۹۶۰ء ۔

۶۴۹ - **تمنا عمادی** : دعوت فکر پر لبیک (مسئلہ رسم الخط) ''خاور'' ڈھاکا ، جولائی ۱۹۵۲ء ، ص : ۲۵ ۔

۶۵۰ - **جی این بی** : رسم الخط ۔ ''ہمایوں'' لاہور ، ستمبر ، اکتوبر ۱۹۰۹ء ، ص : ۱۴ ۔

۶۵۱ - **جعفر رضا زیدی** : فارسی رسم الخط میں ہندی الفاظ کا صحیح تلفظ ۔ ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۲۲ ستمبر ۱۹۶۳ء ، ص : ۳ ۔

۶۵۲ - **جعفر شاہ پھلواروی ، مولانا** : لاطینی رسم الخط کس لیے - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۴۴ -

۶۵۳ - **حامد حسن قادری** : دعوت فکر پر لبیک (مسئلہ رسم الخط) ''خاور'' ڈھاکا ، جولائی ۱۹۵۲ء ، ص : ۲۰ -

۶۵۴ - **حامد علی خاں** : ہمارا رسم الخط - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۱۹ -

۶۵۵ - **حفیظ الرحمٰن** : اردو رسم الخط اور اس کے مسائل - ''نگار پاکستان'' کراچی ، ۱۹۷۶ء نمبر ۷ ، ص : ۴۷ -

۶۵۶ - **حفیظ ارشد پھلواروی** : سندھ کا ایک قدیم رسم الخط - ''الولی'' حیدرآباد ، جون ۱۹۷۳ء ، ص : ۲۱ -

۶۵۷ - **حمیداللہ ، ڈاکٹر محمد** : ایک قدیم رسم الخط و اعراب کی ضرورت - ''قومی زبان'' ، ۱۶ اکتوبر ۱۹۴۹ء ، ص : ۳ -

۶۵۸ - **حمید اللہ ، ڈاکٹر محمد** : پاکستانی زبانوں کا رسم الخطی وفاق - ''قومی زبان'' کراچی ، ۱۶ فروری ۱۹۵۰ء ص : ۷ -

پاکستانی زبانوں کا رسم الخطی وفاق - ''شاداب'' پشاور ، ۱۶ اکتوبر ۱۹۶۲ء -

۶۵۹ - **حیات اللہ انصاری** - اردو رسم الخط اور املا کی اصلاح کے بارے میں چند تجاویز - ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۲۲ جون ۱۹۶۳ء -

اردو رسم الخط اور املا کی اصلاح کے بارے میں چند تجاویز - ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۸ جولائی ۱۹۶۳ء -

رومن رسم الخط - ''اردو'' دہلی ، اکتوبر ۱۹۳۰ء -

۶۶۰ - **جلیل بیگ ، ڈاکٹر مرزا** : اردو رسم الخط اور املا - ''جامعہ'' دہلی ، اکتوبر ۱۹۷۸ء ، ص : ۴۴۷ -

۶۶۱ - **دلشاد کلانچوی** : بہاولپوری زبان کی حروف تہجی اور اس کا رسم الخط - ''الزبیر'' ۱۹۶۶ء نمبر ۱۰ ، ص ۳۵ -

۶۶۲ - **دیوندر ناتھ شرما ، ڈاکٹر** : رسم خط یا لپی کا ماضی - ''ہمایوں'' دہلی ، جنوری ۱۹۶۹ء ، ص : ۴۲ -

۶۶۳ - **ذوق سلطان ، حکیم** : رسم الخط کے متعلق - ''نئی قدریں'' حیدرآباد (سندھ) ، نمبر ۸۰۷ ، ۱۹۸۰ء ، ص : ۱۶۰ -

۶۶۴ - **رشید احمد صدیقی** : کچھ اور رسم الخط کے بارے میں - ''نیا دور'' کراچی ، نمبر ۵۵ -

۶۶۵ - **رشید حسن خاں** : اردو رسم الخط - ''سریتا'' ، اگست ۱۹۶۰ء -

۶۶۶ - **رفیع اللہ** : عربی رسم الخط کو ترقی دینے کی کوشش - ''فکر و نظر'' اسلام آباد ، ص : ۴۱ -

۶۶۷ - **رفیع اللہ** : عربی رسم الخط کی اصلاح کا مسئلہ - ''ثقافت'' لاہور - نومبر ۱۹۶۲ء ، ص : ۴۹ -

۶۶۸ - **ریاض الحسن ، ڈاکٹر** : ترکوں نے اپنا رسم خط کیوں اور کیسے بدلا - ''اردو'' دہلی ، اکتوبر ۱۹۴۶ء ، ص : ۴۸۵ -

۶۶۹ - **زار ، نصیر احمد** : اردو رسم الخط اور تحریر اعداد - ''اردو'' کراچی ، جنوری ۱۹۵۴ء -

۶۷۰ - **سبھاش چندر بوس** : رومن رسم الخط کی ضرورت - ''اردو'' دہلی ، اپریل ۱۹۳۹ء -

۶۷۱ - **سرور ، پروفیسر آل احمد** : رسم الخط کا مسئلہ - ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۲۲ اکتوبر ۱۹۱۸ء ، ص : ۱ -

۶۷۲ - **سعید ، ایم** : ...... رسم الخط کا بدلنا - ''کوہستان'' راولپنڈی ، ۱۷ جون ۱۹۶۲ء -

۶۷۳ - **سلطان احمد** : ملائی زبان عربی رسم الخط میں - ''حریت'' کراچی ، ۶ جنوری ۱۹۶۴ء ، ص : ۴ -

۶۷۴ - سنیتی کمار چیٹر جی ، ڈاکٹر : براہمی رسم خط - ''سب رس'' حیدرآباد (دکن) ، جون ۱۹۶۷ء ، ص : ۳ -

۶۷۵ - شان الحق حقی : رسم الخط کی الجھنیں - ''العلم'' کراچی ، ۱۹۷۱ء -

۶۷۶ - شبیر احمد ، پروفیسر : عربی رسم الخط میں بنگالی زبان - ''العلم'' کراچی ، اپریل ۱۹۶۷ء ، ص : ۹ -

۶۷۷ - شبیر علی کاظمی : رسم خط کے ارتقا کی کہانی - ''نئی قدریں'' حیدرآباد (سندھ) ۱۹۷۱ء نمبر ۷ ، ص : ۳۷ -

۶۷۸ - شریف رزمی : رسم الخط کا مسئلہ - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۴۲ -

۶۷۹ - شوکت تھانوی : دعوت فکر پر لبیک (مسئلہ رسم الخط) ''خاور'' ڈھاکا ، جولائی ۱۹۵۳ء ، ص : ۲۸ -

۶۸۰ - شوکت تھانوی : بزم ادب (رسم الخط ، املا پر بحث) - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم ستمبر ۱۹۶۰ء -

۶۸۱ - شمیم احمد : اردو اور اس کا رسم الخط - ''سیارہ'' لاہور ، نومبر ۱۹۶۳ء -

۶۸۲ - شوق بجنوری ، پروفیسر محمد عاصم : اردو رسم الخط کا مسئلہ - ''قومی زبان'' کراچی ، ۱۶ جولائی ۱۹۴۹ء ، ص : ۶ -

۶۸۳ - صلاح الدین احمد ، مولانا : ہماری قومی زبان اور اس کا رسم الخط - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۷ -

ہماری قومی زبان اور اس کا رسم الخط - ''ادبی دنیا'' لاہور ، دور پنجم ، شمارہ چہارم ، ص : ۷۷ -

۶۸۴ - صلاح الدین احمد ، مولانا : تعلیمی کمیشن اور اردو (بہ سلسلہ رسم الخط) - ''قومی زبان'' کراچی ، مارچ ۱۹۶۰ء -

۶۸۵ - **طاہر فاروقی ، محمد** : ہمارا رسم الخط ''خیابان'' پشاور یونیورسٹی پشاور ، خاص نمبر ۱۹۶۴ء ، ص : ۵۹ -

۶۸۶ - **طوقان ، فواز احمد** : (مترجم غلام حیدر آسی) -

(۱) عربی رسم الخط کا آغاز و ارتقا - ''فکر و نظر'' اسلام آباد - مارچ ۱۹۷۰ء ، ص : ۶۱۲ -

(۲) عربی رسم الخط کا آغاز و ارتقا - ''فکر و نظر'' اسلام آباد - اپریل ۱۹۷۰ء ، ص : ۶۹۷ -

۶۸۷ - **عابدہ مسیح** : اردو رسم الخط ، ''ہماری زبان'' دہلی ، یکم نومبر ۱۹۶۵ء ، ص : ۸ -

۶۸۸ - **عبدالحمید بلوچ** : بلوچی رسم الخط - ''پیام حق'' کراچی ، نومبر ۱۹۷۲ء ، ص : ۳۰ -

۶۸۹ - **عبدالستار صدیقی ، ڈاکٹر** : اردو رسم خط میں اصلاح - ''اردو'' اورنگ آباد ، اکتوبر ۱۹۲۳ء ، ص : ۵۸ -

۶۹۰ - **عبدالستار صدیقی ، ڈاکٹر** : دعوت فکر پر لبیک (مسئلہ رسم الخط) ''خاور'' ڈھاکا ، جولائی ۱۹۵۲ء ، ص : ۳۰ -

۶۹۱ - **عبدالستار درانی** : اردو کے لیے ایک نیا رسم الخط - ''قومی زبان'' کراچی ، ۱۶ جنوری ۱۹۵۱ء ، ص : ۹ -

۶۹۲ - **عبدالستار غوری** : ہمارا قومی رسم الخط - ''العلم'' کراچی ، جنوری ۱۹۷۲ء -

۶۹۳ - **عبدالقادر ، سر** : حروف کی بحث - ''مخزن'' لاہور ، اکتوبر ۱۹۱۰ء ، ص : ۱ -

۶۹۴ - **عبدالقدوس ہاشمی** ، اردو اور ناگری رسم الخط - ''ہماری زبان'' دہلی ، یکم مئی ۱۹۳۹ء ، ص : ۹ -

اردو اور ناگری رسم الخط - ''ہماری زبان'' دہلی ، ۱۶ مئی ۱۹۳۹ء ، ص : ۱۰ -

۶۹۵ - **عبدالقدوس ہاشمی** : اردو کے لیے لاطینی رسم الخط - ''ادبی دنیا'' لاہور ، ستمبر ۱۹۳۸ء ، ص : ۹ -

۶۹۶ - **عبدالقدوس ہاشمی** : رسم الخط کا مسئلہ - ''ادبی دنیا'' لاہور ، نومبر ۱۹۳۷ء ، ص : ۸۸۷ -

۶۹۷ - **عبدالقدوس ہاشمی** : عربی رسم الخط کی بین الاقوامی حیثیت - ''ادبی دنیا'' لاہور ، فروری ۱۹۳۹ء ، ص : ۶۷ -

۶۹۸ - **عبدالقدوس ہاشمی** : عربی رسم الخط کے فائدے - ''حریت'' کراچی ، ۱۳ جون ۱۹۶۴ء ، ص : ۴ -

۶۹۹ - **عبدالقدوس ہاشمی** : ہمارا رسم الخط (اردو ، ناگری اور لاطینی رسم خطوں پر نظر) - ''اردو'' دہلی ، جنوری ۱۹۳۸ء ، ص : ۲۹ -

۷۰۰ - **عبداللہ ، ڈاکٹر سید** : اردو رسم الخط کی فلسفیانہ بنیادیں - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۱۷ -

۷۰۱ - **عتیق احمد** : رسم الخط اور زبان کا تعلق - ''نگار پاکستان'' کراچی ، مارچ ۱۹۶۶ء ، ص : ۲۲ -

۷۰۲ - **عتیق احمد صدیقی** : زبان اور رسم الخط - ''فکر نو'' دلی کالج ، دہلی ، اپریل ۱۹۶۳ء -

۷۰۳ - **عبدالغنی** : رسم الخط کا معاملہ - ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۸ جون ۱۹۷۷ء ، ص : ۱۲ -

۷۰۴ - **عندلیب شادانی** : دعوت فکر (مسئلہ رسم الخط) - ''خاور'' ڈھاکا ، مئی ۱۹۵۲ء ، ص : ۳۹ -

۷۰۵ - **عطاء الرحیم ، کرنل** : رسم الخط سے متعلق ڈبلیو بیتھمین کا خط - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم اگست ۱۹۶۱ء -

۷۰۶ - **غافل کرنالی** : اردو — ناگری رسم الخط میں - ''ہماری زبان'' دہلی ، ۸ جون ۱۹۸۵ء ، ص : ۱ -

۷۰۷ - **غضنفر ، پروفیسر** : اردو رسم الخط - ''قومی زبان'' کراچی ، ۱۶ اپریل ۱۹۵۱ء ، ص : ۳ -

۷۰۸ - **غلام رسول** : اردو رسم الخط کا آغاز و ارتقا - ''سب رس'' ، حیدر آباد (دکن) ، نومبر ۱۹۶۴ء ، ص : ۳۰ -

۷۰۹ - **غلام رسول** : اردو کا اصلاحی رسم خط - ''اردو نامہ'' کراچی ، جولائی ۱۹۶۲ء ، ص : ۳۵ -

اردو کا اصلاحی رسم خط - ''ماہ نو'' کراچی ، نومبر ۱۹۶۲ء ، ص : ۱۳ -

۷۱۰ - **غلام رسول** : اردو کا اصلاحی رسم خط - ''اردو نامہ'' کراچی ، جولائی ۱۹۶۲ء ، ص : ۳۵ -

۷۱۱ - **غلام رسول** : رسم خط کی اصلاح - ''ماہ نو'' کراچی ، اکتوبر ۱۹۶۴ء ، ص ۳۵ -

۷۱۲ - **فرمان فتح پوری ، ڈاکٹر** : اردو رسم الخط - ''نگار پاکستان'' کراچی ، جنوری ۱۹۷۷ء ، ص : ۷۰ -

۷۱۳ - **فرمان فتح پوری ، ڈاکٹر** : اردو رسم الخط - ''نگار پاکستان'' کراچی ، ستمبر ۱۹۸۰ء ، ص : ۷۰ -

۷۱۴ - **قدرت نقوی ، سید** : اردو رسم الخط - ''ماہ نو'' کراچی ، مئی ۱۹۶۲ء -

۷۱۵ - **قومی آواز (لکھنؤ)** : اردو رسم الخط - ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۲۳ اگست ۱۹۵۱ء ، ص : ۸ -

۷۱۶ - **کاظم ، سید الطاف حسین** : اصلاح رسم الخط - ''اردو'' اورنگ آباد ، اپریل ۱۹۲۳ء ، ص : ۲۹۸ -

۷۱۷ - **کلیم اللہ** : اردو زبان کا مسئلہ اور رسم الخط - ''ہماری زبان'' دہلی ، یکم اکتوبر ۱۹۸۳ء ، ص : ۸ -

۷۱۸ - **گیان چند** : اردو رسم الخط کی اصلاح - ''نوائے ادب'' بمبئی ، جولائی ۱۹۶۳ء -

۷۱۹ - **محمد رفیق** ترک اور لاطینی رسم الخط : ''اردو'' کراچی ، جولائی ۱۹۳۹ء ، ص : ۱۲۷ -

۷۲۰ - **محمد شریف ، جسٹس شیخ** : اردو رسم الخط - ''تہذیب الاخلاق''۔ لاہور ، نومبر ۱۹۶۴ء ، ص : ۳۹ -

۷۲۱ - **محمد شریف ، جسٹس شیخ** : اردو رسم الخط - ''ہماری زبان'' دہلی ، یکم نومبر ۱۹۶۵ء ، ص : ۲ -

۷۲۲ - **محمد شریف ، جسٹس شیخ** : ہمارا رسم الخط اور اسلام - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۲۳ -

۷۲۳ - **محمد صابر** : چین میں عربی رسم الخط ، یونیورسٹی اسٹسز کراچی ، اکتوبر ۱۹۶۴ء ، ص : ۸۱ -

۷۲۴ - **محمد صابر** : لاطینی رسم الخط کی ماہیت - ''چراغ راہ'' کراچی ، اگست ۱۹۶۳ء -

۷۲۵ - **محمد مقصود** : پاکستان میں مشترک رسم الخط کی ضرورت - ''تاج'' کراچی ، جنوری ۱۹۶۳ء -

۷۲۶ - **محمد مقصود** : مشترکہ (اردو بنگالی) رسم الخط کی ضرورت - ''جنگ'' کراچی ، ۱۷ جون ۱۹۶۲ء -

۷۲۷ - **محمد وسیم عباسی** : اردو رسم الخط - ''الزبیر'' بہاول پور ، ۱۹۶۴ء نمبر ۲ ، ص : ۱۵ -

۷۲۸ - **مسعود حسین خاں ، ڈاکٹر** : اردو کے لیے ہماری رسم الخط کیوں نہیں ؟ ''ترقی اردو'' حیدرآباد (دکن) ، ۱۶ فروری ۱۹۶۸ء ، ص : ۲ -

۲۹ء - مسیح الزماں جالسی ، پروفیسر سید : ڈاکٹر سید محمود کا آسان رسم الخط ۔ ''ہماری زبان'' دہلی ، یکم اکتوبر ۱۹۶۵ء ، ص : ۸ -

۳۰ء - مشفق خواجہ : کچھ رسم الخط کے بارے میں (اداریہ) ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، یکم اپریل ۱۹۵۹ء ، ص : ۳ -

۳۱ء - مشفق خواجہ : ہم الٹے بات الٹی (اداریہ) ۔''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۱ -

۳۲ء - مظفر علی سید : رسم الخط کا مسئلہ ۔ ''قومی زبان'' کراچی ۔ یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۲۸ -

۳۳ء - مظہر یوسف : سندھی زبان کا موجودہ رسم الخط ۔ ''پرکھ'' حیدرآباد (سندھ) : ۱۹۷۸ء ، ص : ۸۳ -

۳۴ء - معین الدین قدوائی ، محمد : ہندوستان کی قومی زبان اور رسم الخط ہونے کا حق کیسے حاصل ہے ؟ ''اردو'' دہلی ، جولائی ۱۹۳۲ء - ص : ۲۹۹ -

۳۵ء - معین الدین ندوی : رسم الخط کی اجمالی تاریخ ۔ ''معارف'' اعظم گڑھ ، جولائی ۱۹۱۶ء ، ص : ۲۶ -

رسم الخط کی اجمالی تاریخ ۔ ''معارف'' اعظم گڑھ ، اکتوبر ۱۹۱۶ء ، ص : ۳۹ -

۳۶ء - مہدی ، جی ایم : اردو رسم الخط کے نفسیاتی اثرات ۔ ''محور'' کراچی ، شمارہ ۹ ، ۱۹۶۳ء -

۳۷ء - مہدی ، جی ایم : اردو رسم الخط کے نفسیاتی اثرات ۔ ''محور'' کراچی ، ۱۹۶۳ء ، نمبر ۹ -

۳۸ء - مہیشوری نیوگ ، ڈاکٹر : آسان بنگالی رسم الخط ۔ ''سب رس'' حیدرآباد (دکن) ، نومبر ۱۹۶۵ء ، ص : ۳ -

۷۲۹ - میمونہ بیگم انصاری ، ڈاکٹر : پاکستان میں رسم الخط کا مسئلہ - ''فکر و خیال'' کراچی - اکتوبر ۱۹۶۴ء ص : ۱۳ -

۷۳۰ - ناخدا : رومن رسم الخط کی ضرورت (سبھاش چندر بوس) ''اردو'' دہلی ، اپریل ۱۹۳۹ء ، ص : ۳۵۲ -

۷۳۱ - نارنگ ، گوپی چند : اردو رسم الخط - ''تہذیب الاخلاق'' لاہور ، نومبر ۱۹۶۴ء -

۷۳۲ - نارنگ ، گوپی چند : کیا اردو رسم الخط اصلاح طلب ہے ؟ ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۲۴ اگست ۱۹۶۲ء -

کیا اردو رسم الخط اصلاح طلب ہے ؟ ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۷ ستمبر ۱۹۶۲ء -

کیا اردو رسم الخط اصلاح طاب ہے ؟ ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۲۱ ستمبر ۱۹۶۲ء -

۷۳۳ - ناصر ، محمود احمد : آرامی زبان اور رسم الخط کے متعلق موجودہ تحقیق کا تعارف - ''مجلہ الجامعہ'' ربوہ ، اپریل ۱۹۶۶ء ، ص : ۷٦ -

۷۳۴ - نارنگ ، گوپی چند : کیا اردو رسم الخط اصلاح طلب ہے ؟ ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۲۴ اگست ۱۹۶۲ء -

کیا اردو رسم الخط اصلاح طلب ہے ؟ ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۷ ستمبر ۱۹۶۲ء -

کیا اردو رسم الخط اصلاح طلب ہے ؟ ''صدق جدید'' لکھنؤ ، ۲۱ ستمبر ۱۹۶۲ء -

۷۳۵ - نذیر احمد خاں ، چودھری : رومن رسم الخط - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۳۴ -

۷۳٦ - نصیرالدین ، ڈاکٹر محمد : اردو رسم الخط - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۰ء ، ص : ۳۱ -

اردو رسم الخط - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم اپریل ۱۹۶۰ء
ص : ۱۰ -

۷۴۷ - نصیرالدین ہاشمی : مراسلہ (بہ سلسلہ ''اردو الفاظ کا رومن'' ازبشان الحق حقی) ''اردو نامہ'' کراچی ، اپریل ۱۹۶۱ء -

۷۴۸ - نظر امروہوی : ہمارا رسم الخط - ''سب رس'' کراچی ، نومبر ۱۹۸۰ء ، ص : ۳۹ -

۷۴۹ - نعیم الرحمٰن ، پروفیسر : اصلاح رسم الخط - ''اردو'' اورنگ آباد اپریل ۱۹۲۳ء ، ص : ۲۸۹ -
تجویز اصلاح رسم الخط - ''اردو'' اورنگ آباد ، اکتوبر ۱۹۲۱ء ، ص : ۶۱۵ -

۷۵۰ - نہرو ، پنڈت جواہر لال : رسم الخط کا مسئلہ - ''اردو'' دہلی ، جولائی ۱۹۳۶ء ، ص : ۳۸۵ -

۷۵۱ - نیاز فتح پوری : عربی رسم الخط - ''نگار'' لکھنؤ ، مارچ ۱۹۶۰ء -

۷۵۲ - نیر ، حکم چند : اردو کا ایک المیہ ، رومن رسم الخط کی تحریک - مشمولہ ''اردو کے چند مسائل'' بنارس ، ۱۹۷۷ء -

۷۵۳ - نیر ، حکم چند : اردو زبان اور رسم الخط کے بارے میں ہندی والوں کے سوالات اور خیالات - مشمولہ ''اردو کے چند مسائل'' بنارس ، ۱۹۷۷ء -

۷۵۴ - وحید قریشی ، ڈاکٹر : اردو رسم الخط - ''تہذیب الاخلاق'' لاہور ، نومبر ۱۹۶۴ء ، ص : ۴۹ -
رسم الخط کا مسئلہ - ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء -

۷۵۵ - باسولہ لیانگ : چینی اقلیتوں کے نئے رسم الخط - ''جنگ'' کراچی ، ۲ اکتوبر ۱۹۶۲ء -

۷۵۶ - ہاشمی فرید آبادی : اصلاح رسم الخط ۔ ''اردو'' دہلی ، جنوری ۱۹۴۴ء ، ص : ۱۰۳ -

۷۵۷ - ہاشمی فرید آبادی : تجاویز اصلاح رسم الخط ۔ ''ہماری زبان'' دہلی ، ۱۶ فروری ۱۹۴۴ء ، ص : ۱۳ -

۷۵۸ - ہاشمی فرید آبادی : تجویز اصلاح رسم الخط ۔ ''اردو'' اورنگ آباد ، جولائی ۱۹۲۱ء ، ص : ۳۶۹ -

۷۵۹ - ہمایوں ، عبدالغنی : اردو رسم الخط ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، ۱۶ جون ۱۹۴۹ء ، ص : ۸ -

۷۶۰ - ہماری آواز ، کان پور : اردو ہندی اور رسم الخط ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، ۱۶ مئی ۱۹۵۰ء ، ص : ۸ -

۷۶۱ - یوسف علی ، عبداللہ : تجویز دوبارہ اصلاح رسم الخط ۔ ''اردو'' اورنگ آباد ، جنوری ۱۹۲۱ء ، ص : ۱۲۷ -

۷۶۲ - ـــــــ : اردو زبان اور اس کا رسم الخط ۔ ''قومی زبان'' حیدرآباد (دکن) ، اگست ۱۹۶۳ء -

۷۶۳ - ـــــــ : اداریہ (رسم الخط سے متعلق) ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، یکم مارچ ۱۹۶۱ء ، ص : ۱ -

۷۶۴ - ـــــــ : رسم الخط کا مسئلہ (اداریہ) ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، ۲۲ جون ۱۹۴۸ء ، ص : ۱ -

۷۶۵ - ـــــــ : رسم الخط کی اصلاح (اداریہ) ۔ ''قومی زبان'' کراچی ، ۱۵ جنوری ۱۹۴۹ء ، ص : ۱ -

★ ★ ★

۱۱- رموز اوقاف

۷۶۶ - **ابوالحسنات ندوی** : علامت شک و استفہام - ''معارف'' اعظم گڑھ ، اپریل ۱۹۲۴ء ، ص : ۲۹۹ -

۷۶۷ - **تقی الاسلام ، قاری** :

(۱) وقف لازم کی نحوی و معنوی تشریح - (۷) ''خدام الدین'' لاہور ، ۴ اپریل ۱۹۸۰ء ، ص : ۲۷ -

(۲) وقف لازم کی نحوی و معنوی تشریح - (۸) ''خدام الدین'' لاہور ، ۱۱ اپریل ۱۹۸۰ء ، ص : ۲۷ -

(۳) وقف لازم کی نحوی و معنوی تشریح - (۹) ''خدام الدین'' لاہور ، ۱۸ اپریل ۱۹۸۰ء ، ص : ۲۸ -

(۴) وقف لازم کی نحوی و معنوی تشریح - (۱۰) ''خدام الدین'' لاہور ، ۳۰ مئی ۱۹۸۰ء ، ص : ۲۲ -

۷۶۸ - **خلیل احمد خان** : اختلاف رموز اوقاف - ''قومی زبان'' کراچی ، مئی ۱۹۷۹ء ص : ۳۰ -

۷۶۹ - **رشید حسن خان** : رموز اوقاف - ''اخبار اردو'' کراچی ، اگست ۱۹۸۲ء ، ص : ۱۷ -

۷۷۰ - **رشید حسن خان** : رموز اوقاف - ''اردو'' کراچی ، ۱۹۸۵ء -

۷۷۱ - **زبیر احمد** : علامات وقف - ''(مجلہ) مکتبہ'' حیدر آباد (دکن) ، اگست ۱۹۲۸ء ، ص : ۱۹ -

۷۷۲ - سر سید احمد خاں : علامات قرأت ''تہذیب الاخلاق'' علی گڑھ ، یکم رمضان ۱۲۹۱ھ ، ص : ۱۶۵ -
بہ حوالہ مقالات سرسید ج ۷ ، لاہور ، ۱۹۶۲ء ص : ۲۱۶ -

۷۷۳ - سلطان ، محمد اقبال : رموز اوقاف - ''صحیفہ'' لاہور ، ۱۹۵۹ء ، نمبر ۱۲ ، ص : ۳۷ -

۷۷۴ - غلام رسول : اوقاف - ''قومی زبان'' کراچی ، جون ۱۹۶۶ء ، ص : ۱۷ -

۷۷۵ - غلام رسول : اوقاف - ''قومی زبان'' کراچی ، جون ۱۹۷۴ء ، ص : ۱۵ -

۷۷۶ - متین ، ابوالمحاسن ، محمد محسن خاں : اشارات انجام - ''مجلہ مکتبہ'' حیدر آباد (دکن) ، مئی ۱۹۲۸ء ، ص : ۱۵ -

★ ★ ★

۱۲ - صوتیات

۷۷۷ - آسی ضیائی ، پروفیسر : اردو کا صوتی نظام ، ''سیارہ'' ، لاہور ، ۱۹۸۵ء ، (اشاعت خاص) ، ص : ۹۱ -

۷۷۸ - ابو اللیث صدیقی ، ڈاکٹر : اردو کا صوتی نظام ، ''نگار پاکستان'' کراچی ، ستمبر ۱۹۲۷ء ، ص : ۱۴ -
اردو کا صوتی نظام - مشمولہ ''ادب لسانیات'' کراچی ، ۱۹۷۰ء ، ص : ۳۶ -

۷۷۹ - ابو اللیث صدیقی ، ڈاکٹر : صوتی تغیرات ، مشمولہ ''ادب و لسانیات'' کراچی ، ۱۹۷۰ء ، ص : ۲۲۹ -
صوتی تغیرات ، ''فنون'' ، لاہور ، جولائی ۱۹۶۷ء -

۷۸۰ - افضل ملک ، محمد : آواز کے استعاراتی روپ ، ''اوراق'' ، لاہور ، مارچ ۱۹۷۳ء -

۷۸۱ - جون جی پورڈی : سندھی مخارج اصوات کی تاریخ وار داستان ، ''الولی'' حیدر آباد (سندھ) ، اپریل ۱۹۷۶ء ، ص : ۵ -

۷۸۲ - خیال بخاری ، سید اے : پشتو کی بنیادی آوازیں ، ''اردو نامہ'' ، کراچی جولائی ۱۹۶۵ء ، ص : ۳۷ -

۷۸۳ - سجاد ، ڈاکٹر سید : صوتیات ، ''سب رس'' ، کراچی ، اگست ۱۹۸۰ء ، ص : ۸۶ -

۷۸۴ - سہیل بخاری ، ڈاکٹر : اردو زبان کا صوتی آہنگ ، ''اوراق'' ، لاہور ، جلد نمبر ۱ ، شمارہ نمبر ۲ ، ۱۹۶۶ء -

۷۸۵ - **سہیل بخاری ، ڈاکٹر** : اردو زبان کی بنیادی آوازیں ، ''نقوش'' ، لاہور ، ستمبر ۱۹۶۷ ، ص : ۴۹ -

۷۸۶ - **سہیل بخاری ، ڈاکٹر** : جب اور تب کی صوتی و معنوی تاریخ ، ''قومی زبان'' ، کراچی ، یکم جون ۱۹۵۹ء ، ص : ۱ -

۷۸۷ - **شاہدہ تسنیم صدیقی** : اردو کی آوازیں ، ''اردو نامہ'' ، کراچی ، اکتوبر ۱۹۶۶ء ، ص : ۸۲ -

۷۸۸ - **شفیع منصور** : رومن حروف کی آوازیں ، ''نقوش'' ، لاہور ، شمارہ ، ۵۱ ، ۵۲ -

۷۸۹ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو زبان کا ایک اہم صوتی رجحان ، ''اردو'' ، کراچی ، اپریل ۱۹۵۴ء ، ص : ۵۰ -

۷۹۰ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو کا نظام اصوات و علامات - جدید صوتیات کی روشنی میں ، ''صحیفہ'' ، لاہور، اپریل ۱۹۶۳ء ، ص: ۹ -

۷۹۱ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو کا اعرابی نظام ، ''اردو نامہ'' ، کراچی ، اکتوبر ۱۹۶۴ء -

۷۹۲ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو کی غنہ آوازیں ، ''تحریک'' ، دہلی ، اکتوبر ۱۹۶۶ء ، ص : ۱۳ -

۷۹۳ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو کی مایہ ناز آوازیں ، ''نقوش'' ، لاہور ، شمارہ نمبر ۹۸ ، ۱۹۶۳ء -

۷۹۴ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو کی مستعار آوازیں - ''اردو نامہ'' کراچی ، اپریل ۱۹۶۷ء ، ص : ۱۱ -

۷۹۵ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو کے صوتیے - ''اردو نامہ'' کراچی ، جنوری ۱۹۶۴ء -

۷۹۶ - **شوکت سبزواری، ڈاکٹر** : اردو صوتیے - مشمولہ ''اردو لسانیات'' کراچی ، ۱۹۶۶ء ، ص : ۷۹ -

۷۹۷ - **شوکت سبزواری، ڈاکٹر** : غنہ آوازیں - مشمولہ ''اردو لسانیات'' کراچی ، ۱۹۶۶ء ، ص : ۱۱۲ -

۷۹۸ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : نظام اصوات و علامات - مشمولہ ''اردو لسانیات'' کراچی ، ۱۹۶۶ء ، ص : ۵۱ -

۷۹۹ - **شوکت سبزواری، ڈاکٹر** : ہائیہ آوازیں - مشمولہ ''اردو لسانیات'' کراچی ، ۱۹۶۶ء ، ص : ۹۸ -

۸۰۰ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو مصوتے اور ان کی صفات - ''اردو نامہ'' کراچی ، جنوری ۱۹۶۷ء ، ص : ۵۴ -

۸۰۱ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : اردو نظام اصوات و علامات - جدید صوتیات کی روشنی میں - ''صحیفہ'' لاہور ، اپریل ۱۹۶۳ء ، ص : ۹ -

۸۰۲ - **شوکت سبزواری ، ڈاکٹر** : دو قدیم ہند آریائی مصوتے - ''صحیفہ'' لاہور ، اکتوبر ۱۹۶۸ء ، ص : ۱۷۰ -

۸۰۳ - **شیفر ، آر مرے** : جدید صوتیات کی دریافت - ''پیامی'' کراچی ، فروری ۱۹۷۹ء ، ص : ۴ -

۸۰۴ - **عابد ، سید عابد علی** : حروف تہجی کی غنائی اہمیت - ''الزبیر'' بہاول پور ۱۹۷۴ء ، نمبر ۲ ، ص : ۲۵ -

۸۰۵ - **عابدی ، پروفیسر سید وزیرالحسن** : ایرانی صوتیات - ''اورینٹل کالج میگزین'' لاہور ، مئی ۱۹۵۴ء ، ص : ۱ -

۸۰۶ - **عبدالستار دلوی ، ڈاکٹر** : اردو آوازیں - ''اردو نامہ'' کراچی ، جنوری ۱۹۲۸ء ، ص : ۳۴ -

۸۰۷ - **علی نواز جعفری** : اردو صوتیے اور ان کی تحریری صورتیں - ''نگار پاکستان'' مئی ۱۹۶۷ء ، ص : ۱۹ -

۸۰۸ - **غلام مصطفی خاں ، ڈاکٹر** : صوتیات میں قرانی تجوید کی اہمیت - ''صریر خامہ'' حیدر آباد (سندھ) ، ۱۹۶۵ء ، ص : ۱۲ -

۸۰۹ - **گراہم بیلی ، ڈاکٹر ٹی (مترجم چوہدری محمد نعیم)** : اردو اور ہندی کا تلفظ - ''اردو ادب'' علی گڑھ ، دسمبر ۱۹۵۶ء ، ص : ۹۰ -

۸۱۰ - **گیان چند** : اردو کی آوازیں - ''اردو نامہ'' کراچی ، ۱۶ اپریل تا جون ۱۹۶۴ء ، ص : ۷ -

۸۱۱ - **محمد نعیم چوہدری** : اردو کے کوزی مصوتے - ''اردو ادب'' علی گڑھ ، جون ۱۹۵۷ء ، ص : ۳۱ -

۸۱۲ - **مسعود حسین ، ڈاکٹر** : اردو حروف تہجی کی صوتیاتی ترتیب - ''ہمایوں'' لاہور ، اگست ۱۹۵۴ء ، ص : ۴۵۴ -

۸۱۳ - **مسعود حسین خاں ، ڈاکٹر** : اردو صوتیات کا خاکہ - مشمولہ ''اردو میں لسانیاتی تحقیق'' مرتبہ ڈاکٹر عبدالستار مولوی بمبئی ۱۹۷۱ء -

۸۱۴ - **نارنگ ، ڈاکٹر گوپی چند** : اردو کی آوازیں - ''اردو نامہ'' کراچی ، جولائی ۱۹۶۲ء ، ص : ۴۶ -

۸۱۵ - **نارنگ ، ڈاکٹر گوپی چند** : اردو کی بنیادی اور ذیلی آوازیں - ''اردو نامہ'' کراچی ، اکتوبر ۱۹۶۳ء -

۸۱۶ - **نارنگ ، ڈاکٹر گوپی چند** : اردو کی آوازیں - ''اردو نامہ'' کراچی ، ستمبر ۱۹۶۶ء -

۸۱۷ - **نارنگ ، ڈاکٹر گوپی چند** : اردو میں صوتیاتی اصطلاحیں - ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، ۸ جولائی ۱۹۶۲ء -

۸۱۸ - **نیر اقبال** : صوتی آلات - ''ہماری زبان'' علی گڑھ ، اکتوبر ۱۹۶۷ء ، ص : ۳ -

۸۱۹ - **واٹ ، ہیرارسٹ** : آواز کا نفسیاتی تجزیہ - ''ہمامی'' کراچی ، فروری ۱۹۵۱ء ، ص : ۲۰ -

۱۳ - علم ہجا

۸۲۰ - **اصغر ، عبدالغنی** : اردو اور اس کی ابجد - ''ادبی دنیا'' لاہور ، جون ۱۹۳۲ء ، ص : ۳۷۲ -

۸۲۱ - **التماص صابر مارہروی** : اردو حروف تہجی میں ہمزہ - ''امکان'' (مہا راشٹر اردو اکیڈیمی کا سہ ماہی مجلہ) ، ۱۹۸۵ء -

۸۲۲ - **جلال الدین احمد جعفری** : علم ہجا کے بیان میں مشمولہ ''اساس اردو'' الہ آباد ، ص : ۱ تا ۱۱ -

۸۲۳ - **حقی ، شان الحق** : حرف ''الف'' کی تشریح - ''ماہ نو'' کراچی ، مئی ۱۹۶۰ء -

۸۲۴ - **سرخوش ، شیر احمد** : قواعد زبان اردو پر ایک نظر - ''ادبی دنیا'' لاہور ، نومبر ۱۹۳۹ء ، ص : ۴۵ -

۸۲۵ - **سہیل بخاری** : ہمزہ - ''اوراق'' لاہور ، ۱۹۸۵ء نمبر ۹ ، ص : ۱۶۲ -

۸۲۶ - **عبدالحق ، مولوی** : (۱) ہجا - مشمولہ ''قواعد اردو'' لکھنؤ ، ۱۹۱۴ء ، ص : ۲ - (۲) ہجا - مشمولہ ''قواعد اردو'' اورنگ آباد ، ۱۹۳۶ء ، ص : ۴ -

۸۲۷ - **عبدالعزیز ، میر** : عربی حروف تہجی - ''انصاف'' راولپنڈی ، ۱۱ مئی ۱۹۸۳ء : ص : ۶ -

۸۲۸ - **غضنفر ، پروفیسر حبیب اللہ** : تواریخ ابجد - ''انجمن'' کراچی ، اپریل ۱۹۷۳ء ، ص : ۱۳ -

۸۲۹ - کیفی پنڈت ، برجموہن ڈتاتریہ : حروف تہجی ۔ مشمولہ ''کیفیہ'' کراچی ، ۱۹۷۰ء : ص : ٦۰ ۔

۸۳۰ - متین فکری حیدرآبادی : اردو میں علم ہجا ۔ ''ساقی'' کراچی ، فروری ۱۹٦۳ء ۔

* * *

۱۴ - مختصر نویسی

۸۳۱ - **اختر حسن** : اردو مختصر نویسی کی تاریخ - ''اردو نامہ'' کراچی، جنوری ۱۹۶۳ء، ص : ۵۴ -

۸۳۲ - **امان علی نقوی، سید** : مختصر نویسی کی تاریخ - ''قومی زبان'' کراچی، جنوری ۱۹۱۸ء، ص : ۳۳ -

۸۳۳ - **سرسید احمد خاں** : السامیا یعنی شارٹ ہینڈ رائیٹنگ - بہ حوالہ انتخاب - ''علی گڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ'' لکھنؤ، ۱۹۸۲ء، ص : ۴۰ تا ص : ۴۲ -

۸۳۴ - **ولی اللہ خاں** : اردو زود نویسی - ''اردو نامہ'' لاہور، فروری ۱۹۸۲ء، ص : ۱۰ -

۸۳۵ - **محمد اقبال** : اردو مختصر نویسی - ''اردو نامہ'' لاہور، اکتوبر ۱۹۸۲ء، ص : ۱۵ -

۸۳۶ - ——— : اردو مختصر نویسی کا ارتقا - ''اردو نامہ'' لاہور، نومبر ۱۹۸۲ء، ص : ۱۲ -

* * *

۱۵ - نسخ و نستعلیق

۸۳۷ - **ارشاد صدیق** : خط نسخ ترق معکوس نہیں - ''امروز'' لاہور -
۲۸ اپریل ۱۹۷۸ء -

۸۳۸ - **جمیل احمد مرزا** : نوری نستعلیق - ''رفتار'' کراچی ، جنوری
۱۹۸۳ء - - ص : ۲۷ -

۸۳۹ - **حبیب اللہ رشدی ، محمد** : اردو نستعلیق کا ارتقا - ''قومی زبان''
کراچی ، جون ۱۹۷۰ء ، ص : ۳۱ -

۸۴۰ - **خلوت ، محی الدین** : ان سے قائم ہے روایت خط نستعلیق کی -
''امروز'' لاہور ، ٦ جون ۱۹٦۴ء -

۸۴۱ - **رفیق بیگ ، مرزا** : نستعلیق ٹائپ - ''اردو'' اورنگ آباد ،
جنوری ۱۹۲۹ء ، ص : ٦٤ -

۸۴۲ - **صابر سنبھلی** : اردو نستعلیق ٹائپ میں - ''ہماری زبان'' دہلی -
۸ جون ۱۹۸۵ء ، ص : ۸ -

۸۴۳ - —— : نستعلیق کی بے کار بحث - ''فروزاں'' لاہور -
جنوری ۱۹۸۲ء ، ص : ۵۲ -

۸۴۴ - **عرشی ، مولانا امتیاز علی خاں** : نستعلیق - ''اخبار اردو'' اسلام آباد
جنوری ۱۹۸۵ء ، ص : ۳۱ -

۸۴۵ - **عرشی ، مولانا** : نستعلیق کیا ہے ؟ ''فاران'' کراچی ، جنوری
۱۹۸۱ء - ص : ۵۳ :

۸۸۶ ۔ عظمت عزمی : قومی ترقی میں نوری نستعلیق کا کردار ۔ ''رفتار''
کراچی ، جنوری ۱۹۸۳ء ، ص : ۳۹ ۔

۸۸۷ ۔ فضل اللہ زبیری : خط نسخ اور اس کی تاریخ ۔ ''الزبیر''
بہاول پور ، ستمبر ۱۹۶۸ء ، ص : ۲۸ ۔

۸۸۸ ۔ محمد جلیل ، سید : نستعلیق میں ٹائپ کا مسئلہ ۔ ''ہماری زبان''
دہلی ، ۸ مئی ۱۹۸۵ء ، ص : ۱ ۔

★ ★ ★

۱۶ - ہندسے

۸۴۹ - **رضی الدین صدیقی ، ڈاکٹر** : اردو ہندسے اور علوم ریاضی کی علامتیں ۔ ''اخبار اردو'' کراچی ، ستمبر ۱۹۸۱ء ، ص : ۷ -

۸۵۰ - **زاو ، نصیر احمد** : اردو رسم الخط اور تحریر و اعداد ۔ ''اردو'' کراچی ، جنوری ۱۹۵۴ء ، ص : ۱۱۴ -

۸۵۱ - **علی ، محی الدین** : اردو ہندسے ۔ ''ملاپ'' حیدرآباد (دکن) ، ۱۸ جولائی ۱۹۶۴ء -

* * *

ضمیمہ

اردو املا، چند معروضات

اردو املا میں ارتقا کے مطالعے کے لیے تو استاذی المکرم ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب کا مقالہ ''اردو املا کی تاریخ'' کا مطالعہ کرنا چاہیے - یہاں بعض خیالات کے اظہار کے لیے ماضی قریب کی تاریخ میں بعض کوششوں پر نظر ڈال لینا پیش نظر مقصد کے لیے کفالت کرتا ہے -

اردو میں انشا (۱۷۶۰ء - ۱۸۱۸ء) کے بعد اردو املائی شعور کا پتا کسی کے ہاں چلتا ہے، تو وہ مرزا غالب (۱۷۹۷ء - ۱۸۶۹ء) ہیں - غالب نے اس کا بڑا اہتمام کیا ہے - انھوں نے اپنے پچاسوں خطوں میں اپنے شاگردوں کو ہزارہا الفاظ کے بارے میں ہدایت کی ہے کہ انھیں کس طرح لکھا جائے - ان کے خطوط میں جو ان کی اردو انشا کا سب سے بڑا ذخیرہ ہیں، ایک جامع اور مرتب نظامِ املا کا پتا چلتا ہے - اگرچہ بعض الفاظ کا املا ان کے ہاں بھی عدمِ یک سانیت کا شکار ہے - لیکن قدیم روایت کے ترک اور ایک نئی روش کے اختیار کے اہتمام میں آسے بعض سہو قلم اور بے خیالی کا عمل بہ آسانی قرار دیا جا سکتا ہے - ان کے بعض مختارات کو اہلِ علم نے قطعی طور پر قبول کرنے سے انکار بھی کر دیا، مثلاً فارسی میں ذال کے وجود کا مسئلہ - لیکن اس کا تعلق املا سے زیادہ ''تحقیق لغات'' سے ہے -

مولانا عرشی رام پوری نے املاے غالب کے موضوع پر جامعیت کے ساتھ اظہارِ خیال کیا ہے اور اصول و مبادی کو مرتب کر دیا ہے - اب اگر ''تاریخ علم املا کی روشنی میں املاے غالب کی رہنمائی'' کے موضوع پر کوئی کام کرنا چاہے، تو ایک نہایت مفید تالیف وجود میں آ سکتی ہے - اس سلسلے میں دوسرے نام عبدالستار صدیقی ؛ باباے اردو مولوی عبدالحق، مولانا احسن مارہروی، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں .

رشید حسن خاں ، ڈاکٹر گوپی چند نارنگ ، ڈاکٹر گیان چند ، ڈاکٹر فرمان فتح پوری کے نام آتے ہیں ۔ موصوفِ آخرالذکر کی جو چیزیں اور جس دور کی خاکسار راقم کی نظر سے گزری ہیں ، ان کی موجودگی میں کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان میں پچھلے تیس پینتیس برسوں میں ان کی کوئی صبح یا شام ایسی نہیں گزری جب ان کے ذہن نے املا کے مسائل پر سوچنے میں اور نظر نے خوب سے خوب تر کی جستجو میں کوتاہی کی ہو -

آج جب کہ املا کی اصلاح اور معیار بندی کی لیلائے مقصود کی تلاش میں ہم نے جہد و سعی کا ایک نیا سفر شروع کیا ہے ، اس حقیقت کو فراموش نہ کر دینا چاہیے کہ یہ ہرگز ضروری نہیں کہ کوئی حسن سب کو یک ساں پسندیدہ ہو اور کسی محبوب کے شمائل و خصائل سب کے دلوں کو یک ساں موہ لیں ۔ چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ انشا کے اصول املا سے عام طور پر اتفاق کے باوجود ، ان کی اصلاحات کو عام مقبولیت حاصل نہیں ہوسکی ۔ وہ اردو املا کی تاریخ کے شعوری سفر کا نقطہ آغاز ہے اور بس ! غالب کی اصلاحات پر بھی رد و کد کا سلسلہ شروع ہوا اور اب تک جاری ہے ، عبدالستار صدیقی کی مجوزہ اصلاحات کو بھی از الف تا ے قبول نہیں کر لیا گیا ۔ املا کے موضوع پر رشید حسن خاں کی تالیف سے زیادہ جامع کتاب سے اردو زبان کا دامن اب تک خالی تھا ، لیکن مولوی حفیظ الرحمٰن واصف نے اسے سخت تنقید کا نشانہ بنایا ، ابو محمد سحر ان کے تعاقب میں دور تک نکل گئے ، ان کے خلاف ہا و ہو میں دوسرے حضرات نے بھی بہ قدرِ ظرف حصہ لیا ، واصف صاحب نے سحر صاحب کے ساتھ بھی کسی قسم کی رعایت نہیں کی ۔ ترقی اردو بورڈ (ہند) نے جو املا کمیٹی کی سفارشات نہایت غور و فکر کے بعد پیش کی تھیں (املا نامہ ، مرتبہ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ) جنھیں بلاشبہ جامع اور متوازن قرار دیا جا سکتا ہے ۔ ڈاکٹر گیان چند کو ان تمام سفارشات سے اتفاق نہیں ۔ ان کی تنقید اور اختلاف ہمارے سامنے ہے - ان سفارشات کے بارے میں پروفیسر گیان چند لکھتے ہیں :

''یہ سفارشات الفاظ کے املا کے لیے سنگ میل کی طرح رہنمائی کرتی ہیں لیکن غور کرنے پر ان سب سے اتفاق نہیں ہو سکتا۔

قاضی عبدالودود نے مجھ سے ایک بات چیت میں کہا کہ جو لوگ ان مسائل پر نہیں سوچتے ، ان کے لیے ہر مسئلہ غیر اہم ہے ، جو سوچتے ہیں ، ان میں سے کوئی دو کسی ایک روش پر اتفاق نہیں کر سکتے ۔'' (چٹان ، لاہور ، ۳ فروری ۱۹۷۵ء)

اگر کسی صاحب کے ذہن میں یہ ہو کہ اس سلسلے میں جو فیصلہ کیا جائے گا ، اُس سے سب اتفاق کر لیں گے اور اس پر فوراً عمل درآمد شروع ہو جائے گا تو حقیقت کی دنیا میں اس کی کوئی نسبت نہیں ، یہ محض ایک خوش فہمی ہوگی ۔ لیکن محض اس وجہ سے کہ اختلاف کیا جائے گا ، اس میں ناکامی کا خطرہ ہے ، اسے ترک نہیں کر دیا جا سکتا ۔ اردو املا کی اصلاح اور اس کی معیار بندی کا معاملہ اتنا اہم ہے کہ اس میں اختلاف اور ناکامی دونوں کا خطرہ مول لینا ہے اور اس کا طریقہ صرف یہی ہے کہ اس بارے میں سوچ سمجھ کر کوئی فیصلہ کیا جائے اور اس پر عمل کا آغاز کر دیا جائے ۔

اس سلسلے میں کسی مثال کی ضرورت نہیں یہ بات ابھی کل کی معلوم ہوتی ہے کہ مقتدرہ قومی زبان کا نام کسی کے حلق سے بھی نیچے نہ اترتا تھا ، اس لفظ پر ، اس کے معنی پر ، اس کی ترکیب پر ، اس لفظ کی ثقالت پر کیا کچھ نہیں کہا گیا اور نام کو بدلنے کے لیے کیا کچھ سعی نہ کی گئی ، لیکن آج ہم سن رہے ہیں کہ پورے پاکستان بل کہ براعظم پاک و ہند میں مقتدرہ ہی کے نام کا ڈنکا بج رہا ہے ۔ علم ، ادب ، صحافت کے تمام حلقوں میں مقتدرہ کا نام ہر کسی کے وردِ زبان ہے ۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مقتدرہ کے لفظ کو ذہنوں نے قبول کر لیا ہے ، زبانیں اُس کے ورد سے آشنا ہو گئیں ، اب اس میں نہ ثقالت ہے ، نہ اس کی ترکیب میں عیب رہا اور نہ اس کے معنی میں کوئی نقص پایا جاتا ہے اور نہ اس لفظ کی اجنبیت کا کسی کو گمان ہوتا ہے ۔ آج اس لفظ کو قبولِ عام کی سند حاصل ہے ۔

اس تجربے کی روشنی کو رہنما بنانا چاہیے اور جان لینا چاہیے کہ مسئلہ ہے اردو کے نفاذ کا ، اس کے راستے کی مشکلات دور کرنے کا اور ممکن حد تک آسانیاں فراہم کرنے کا ۔ اس کے لیے املا کے ضروری قاعدے

بنانے ہیں ، اسلا میں یک سانیت پیدا کرنی ہے اور معیار کی تلاش بھی مقصود ہے ۔ لیکن یہ قاعدے ، یک سانیت اور معیار ایسی چیز نہیں جیسے بازار سے خرید لیا جا سکے ۔ ہاں ! ایک بہترین طریقہ اور لائحہ عمل ضرور ایسا جادو اثر ہو سکتا ہے کہ ذہن رفتہ رفتہ مقتدرہ کی رہنمائی کو قبول کر لیں ۔ ہمیں اس کے لیے کوشش کرنی چاہیے ۔

* * *

املا اور رسم الخط

املا اور رسمِ الخط دو الگ الگ چیزیں ہیں ۔ دونوں کے دائرے جدا جدا ہیں لیکن دونوں کا قریبی تعلق اور گہرا رشتہ بھی ہے ۔ اس لیے جہاں املا کی بحث آتی ہے ۔ جا و بے جا رسم الخط کا ذکر بھی ضرور آ جاتا ہے ۔ کئی حضرات نے ، جنھوں نے اردو کے مسائل پر قلم اٹھایا ہے ، رسم الخط کے مسائل سے خلطِ مبحث کر دیا ہے ، اس لیے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں کے حدود متعین کر دیے جائیں ۔ استاذی المکرم ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں نے املا کی تعریف کے ساتھ رسم الخط سے اس کے امتیاز کو بھی واضح کر دیا ہے ، ڈاکٹر صاحب موصوف فرماتے ہیں :

''املا دراصل لفظوں میں صحیح صحیح حرفوں کے استعمال کا نام ہے اور جو طریقہ ان حرفوں کے لکھنے کے لیے اختیار کیا جاتا ہے ، وہ رسم الخط کہلاتا ہے ۔ تقریباً یہی مفہوم انشاء اللہ خاں انشا اور غالب کے یہاں پایا جاتا ہے ۔'' (نقوش علمی ، ص ۱۰۵)

رشید حسن خاں نے املا اور رسم الخط کے دائرۂ بحث کے سلسلے میں تمام محققین کے افکار کا لبِ لباب پیش کر دیا ہے ، وہ لکھتے ہیں :

''املا کی تعریف اس طرح کی ہے ، املا دراصل لفظوں میں صحیح صحیح حرفوں کے سر تال کے استعمال کا نام ہے اور جو طریقہ ان حرفوں کو لکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، وہ رسم الخط کہلاتا ہے ۔'' اس بات کو یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ''کسی زبان کو لکھنے کی رائج معیاری صورت'' کا نام رسم الخط ہے اور رسمِ خط کے مطابق صحت کے ساتھ لکھنے کا نام املا ہے ۔ کسی لفظ کو کن حروف سے مرکب ہونا چاہیے ، یا لفظ میں ان کی ترتیب کیا

ہونا چاہیے ؛ یہ مسئلہ رسمِ خط کا نہیں یا مثلاً یہ بات کہ کون سے حروفِ تہجی ختم کر دیے جائیں یا کسی خاص آواز کے لیے کسی نئی علامت کا اضافہ کیا جائے ؛ یہ بھی املا کے متعلقات ہیں۔ فرض کر لیجیے ، آپ نے اردو کے حروفِ تہجی میں سے آٹھ حرف نکال دیے یا پانچ نئے حرفوں کا یا چار نئی علامتوں کا اضافہ کر دیا ؛ مگر اس سے رسمِ خط کی صورت تو نہیں بدلی ! خلطِ مبحث سے ہم لوگوں کو جو تعلق خاطر ہے ، اس کے نتیجے میں بہت سی بحثیں ایسی ہوئیں جو دراصل املا کے مسائل سے تعلق رکھتی تھیں ، مگر رسمِ خط کے عنوان سے شروع ہوئیں اور کبھی اس کے برعکس بھی ہوا ؛ اس غلط پسندی نے بھی املا کے مسائل کی واقعی اہمیت کو نمایاں نہیں ہونے دیا ۔"

املا اور رسم الخط کے تعلق کو خان صاحب نے ''پھول اور خوشبو'' کی مثال میں واضح کیا ہے ، وہ لکھتے ہیں :

''املا اور رسمِ خط میں وہی نسبت ہے جو پھول میں اور اس کے رنگ اور خوش بو میں ہوتی ہے ۔ پھول نہ ہو تو نہ رنگ کا وجود متعین ہو پائے گا ، نہ خوش بو کو ٹھکانا ملے گا ۔'' (اردو کیسے لکھیں ، ص : ۱۱)

اردو املا میں مختلف اسباب کی بنا پر غلط افکار نے راہ پا لی ہے ۔ اس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں ۔ کئی حضرات نے تاریخِ املا کے اس المیے پر بحث کی ہے ، لیکن اس وقت ہمارے سامنے مسئلہ کسی نئے املا کی ایجاد کا نہیں ، اس لیے کہ جب تک کسی زبان کا رسم الخط ہی نہ بدل دیا جائے ، اصول و معیارِ املا میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی ۔ در حقیقت اس وقت مسئلہ ہمارے سامنے املا میں اصلاح اور ایسے قاعدوں کی تالیف کا ہے ، جن کو سامنے رکھ کر ایک عام پڑھا لکھا شخص بھی اپنے املا کی غلطیوں پر متنبہ ہو کر ، ان کی اصلاح کر لے اور آیندہ وہ زبان کے عام الفاظ کے املا کی غلطی میں مبتلا نہ ہو ۔ البتہ اصلاح کے بعد ایک مسئلہ املا کے معیار کا آتا ہے ۔ اس سلسلے میں رشید حسن خاں لکھتے ہیں :

''بہت سے الفاظ ایسے ہیں جن کی ایک سے زیادہ صورتیں لغات میں ملتی ہیں اور یہ صراحت نہیں ملتی کہ ان میں سے اب مرجع صورت کون سی ہے۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ایسے الفاظ کا اس لحاظ سے جائزہ نہیں لیا جا سکے گا۔ اسی ذیل میں دبستانی اختلاف بھی آتے ہیں، جیسے اہل دہلی ''مصالح'' لکھا کرتے ہیں اور لکھنؤ کے لغت نگاروں نے اس لفظ کا املا ''مسالا'' مانا ہے۔ ان سب صورتوں میں سے کسی صورت کو غلط تو کہا نہیں جا سکتا، یہ غلط اور صحیح املا کا نہیں، مگر دبستانی اختلاف (رہا) سے قطعِ نظر کر کے یہ فیصلہ کرنا ہی ہوگا کہ کسی لفظ کی دو یا دو سے زیادہ صورتوں میں سے اب کس صورت کو مرجح قرار دیا جائے۔ (یہ پھر کہہ دیا جائے کہ یہ مسئلہ غلطی اور صحت کا نہیں) ایسے الفاظ کے سلسلے میں ترجیح کا تعین ضروری ہے، کیوں کہ اس ترجیح کے بغیر نصابی کتابوں میں املائی یک سانیت پیدا نہیں ہو سکتی۔ اس ترجیحی عمل کو بھی صحتِ املا کی ایک دوسری صورت قرار دیا جانا چاہیے۔'' (رسالہ اردو، کراچی، ۱۹۸۳ء شمارہ ۴، ص: ۱۱۷)

* * *

املا اور تلفظ

املا کے ساتھ تلفظ کی بحث چپ کے سے اس طرح شامل ہو جاتی ہے کہ معلوم ہوتا ہے ، دونوں ایک ہی چیز ہیں - اس کے ساتھ اگر ہجا یا ہجے کو بھی شریک کر لیا جائے ، تو مناسب ہوگا - پہلے لسانیات کی ان تینوں اصطلاحوں کو الگ الگ سمجھ لینا ضروری ہے -

لغت میں املا کی تعریف یہ کی گئی ہے :

املا ، رسم الخط کے موافق لکھنا -

عالم وحشت میں جب لکھا کوئی قصہ فراق
ربط بگڑا میری انشا کا ، غلط املا ہوا (تسلیم)
(نوراللغات)

رسم الخط کے مطابق لکھنا

املا بھی سب غلط تھا اور انشا بھی تھا غلط
جو کچھ کہ قول نامہ میں اس نے لکھا غلط (محبت)
(اردو لغت)

رسم ِ خط کے موافق صحت سے لکھنا (فرہنگ آصفیہ)

نوشتن ترکیب ِ حروف موافق قاعدہ (غیاث اللغات)

تلفظ : لفظ کا منہ سے ادا کرنا (نوراللغات و فرہنگ آصفیہ)

زبان سے لفظ نکالنا (بیان اللسان)

لفظ کہنا ، بولنا (فیروز اللغات ، فارسی)

ہجا : حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا (نوراللغات و فرہنگ آصفیہ)

حروف تہجی کو اعراب سے ظاہر کرنا (فیروزاللغات ، فارسی)

باعراب ادا کردن حروف را (غیاث اللغات)

انگریزی زبان میں املا کے لیے Orthography ، تلفظ کے لیے Pronunciation اور ہجا کے لیے Spelling کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ مذکورۃ الصدر تعریفات اور ان کے متبادلات سے یہ بات خود بخود واضح ہو جاتی ہے کہ ان تینوں اصطلاحوں کے دائرے ایک دوسرے سے الگ الگ ہیں۔ جب ہم املا کا لفظ لکھتے یا بولتے ہیں تو تلفظ اور ہجے اس کے دائرۂ بحث سے خارج ہو جاتے ہیں۔

اس کی تھوڑی سی تفصیل اگر ذہن میں رہے تو بہتر ہوگا۔

ہو سکتا ہے ایک شخص املا غلط لکھتے ہوئے بھی تلفظ درست کرلے اور عین ممکن ہے کہ دوسرا شخص تلفظ درست نہ کر سکے۔ لیکن اس کا قلم اس کے صحیح املا سے آشنا ہو ، لیکن اس کے باوجود کہ املا و تلفظ ، دونوں لفظوں کی دنیائیں الگ الگ ہیں دونوں میں قریبی تعلق ہے۔ دونوں ایک دوسرے کی حالت سے بے نیاز نہیں ہو سکتے۔ عام طور پر جو الفاظ ہمارے استعمال میں آتے رہتے ہیں ان کی غلطیاں تو ہم املا اور تلفظ دونوں میں محسوس کر لیتے ہیں۔ البتہ نئے الفاظ جو ہمارے سامنے پہلی بار آتے ہیں خاص طور پر دوسری زبانوں کے الفاظ ، اگر ان کا املا درست نہ ہو تو تلفظ درست نہیں ہو سکتا اور اگر زبان سے صحیح ادا نہ کیے جائیں ، یعنی ان کا تلفظ درست نہ ہو تو اس لفظ کا املا کسی صورت بھی درست نہیں ہو سکتا۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ املا اور تلفظ میں کتنا قریبی تعلق ہے۔ یہیں پر اس بات کا فیصلہ بھی ہو جاتا ہے کہ کسی لفظ کے املا اور اس کے ہجے میں کتنا قریبی تعلق ہے ، لیکن اصلاً تلفظ اور ہجے املا کے دائرے سے باہر ہیں۔

* * *

اردو املا اور نقطے

اردو رسم الخط کی خوبیوں سے ایک خوبی یہ ہے کہ وہ تھوڑی جگہ میں زیادہ لفظوں کو سمیٹ لیتا ہے۔ اس سے وقت اور محنت بھی بچتی ہے اور کاغذ بھی کم استعمال ہوتا ہے۔ یہ اس لیے ممکن ہوا کہ حرف اپنی مکمل صورتوں اور پوری پوری شکلوں میں استعمال نہیں ہوتے بلکہ حرف چھوٹے چھوٹے شوشوں اور دندانوں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور بڑے دائرے اور طویل خط یا تو ختم ہو جاتے ہیں یا مختصر ہو کر صرف علامت کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ چوں کہ شروع اور درمیان میں مختلف گروپوں کے حروفوں کی شکلیں یکساں ہو جاتی ہیں۔ مثلاً ب پ ت ٹ ث ن کسی لفظ کے شروع اور درمیان میں حرف ایک دندانے کی شکل میں نمایاں ہوتے ہیں اور اسی طرح ج چ ح خ اور س ش وغیرہ صرف ان کے نقطے ان کی شناخت بنتے ہیں، اس لیے املا و تحریر میں ان کے لفظوں کے استعمال کی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ رشید حسن خاں لکھتے ہیں:

اگر نقطے صحیح طور پر نہ رکھے جائیں یا صحیح جگہ پر نہ ہوں، ... تو کوئی شخص غلطی سے لفظ کو صحیح پڑھ لے، تو پڑھ لے، ورنہ عام طور پر اس لفظ کو غلط ہی پڑھا جائے گا غلط پڑھا گیا تو معنی بدل جائیں گے، یا چوپٹ ہو جائیں گے۔ جیسے: ایک لفظ ہے نبی (ن ب ی) اس میں ن اور ب کے نقطے ذرا ادھر ادھر ہو جائیں تو یہ آسانی کے ساتھ بنی (ب ن ی) بن سکتا ہے یا جیسے؛ ایک لفظ ہے رجحان (ر ج ح ا ن) اس کو بہ آسانی رحجان (ر ح ج ا ن) پڑھا جا سکتا ہے"۔ (اردو کیسے لکھی جائے، ص: ۱۲)۔

فاضل مولف نے تو رجحان کو رحجان پڑھے جانے کا امکان ظاہر کیا ہے، لیکن میں نے رحجان بعض حضرات کو بولتے سنا ہے۔ اسی

طرح نعت اور لغت دو لفظ ہیں اور نقطے کی ذرا سی بے احتیاطی سے ایک دوسرے سے بدل جاتے ہیں۔

نقطوں کے صحیح استعمال کی اہمیت دوسری زبانوں کے الفاظ کے املا میں اور بڑھ جاتی ہے۔ اپنی زبان کا لفظ اگر غلط ادا ہو تو جملے کا سیاق و سباق اس کے صحیح تلفظ کی طرف رہنمائی کردیتا ہے، لیکن دوسری زبانوں کے الفاظ جو نامانوس اور اجنبی ہوتے ہیں، اگر ان کے املا میں نقطوں کے استعمال میں احتیاط نہ برتی جائے، تو غلط خوانی اور غلط نویسی کی روایت پڑ سکتی ہے اور اصلاح کی راہ دور اور دشوار ہو سکتی ہے۔

یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ نقطے چونکہ الگ اپنی کوئی حیثیت نہیں رکھتے، وہ حرفوں کے وجود کا حصہ اور ان کے تشخص کی علامت ہیں اور حروف و الفاظ املا کا موضوع ہے۔ اس لیے نقطے اس دائرے سے الگ تو نہیں، لیکن فی نفسہ وہ املا کا موضوع نہیں۔

★ ★ ★

نسخ و نستعلیق

الفاظ کی صورت نویسی کا تعلق املا سے ہے۔ اس صورت نویسی کے لیے مستعمل روشِ خط کو بنیاد مانا جائے گا۔ چوں کہ اردو میں تحریر کی حد تک خطِ نستعلیق کا چلن عام ہے، اس لیے حرفوں اور لفظوں کی صورت نگاری کے لیے اس خط کو بنیاد بنایا جائے گا اور اس کے ضابطوں کی پابندی کی جائے گی۔ مفرد حرفوں کی صورت، ان کے جوڑ بند، کشش، دامن، دائرے، شوشے وغیرہ: سب کے لیے خطِ نستعلیق کے قاعدوں کو اور اس کی سرمشق کو پیشِ نظر رکھا جائے گا۔

اس سلسلے میں کچھ وضاحت ضروری معلوم ہوتی ہے۔ اردو میں خطِ نسخ، خطِ شکستہ اور خطِ نستعلیق، ان تینوں خطوں کی حیثیت متعارف خطوں کی ہے، لیکن کچھ فرق کے ساتھ۔ خطِ شکستہ پرانے دفتروں کی یادگار ہے۔ اس کی تشکیل بھی دفتری ضرورتوں نے کی، جہاں نستعلیق کی نوک پلک سنوارنے کی فرصت کم ملتی تھی اور نسخ کی زیرِ طلب روش کے لیے بھی گنجائش کم سے کم تھی۔ اب اس کا چلن محدود ہے۔ اب صورت یہ ہے کہ عام طور پر عبارت اس طرح لکھی جاتی ہے کہ اصل روش تو نستعلیق کی ہوتی ہے، ہاں کبھی کبھی بعض کششیں خطِ شکستہ کی بھی شامل ہو جاتی ہیں''۔ (رشید حسن خاں)

اس کا مطلب یہ نہ سمجھ لینا چاہیے کہ یہ ایک بے ضابطہ خط ہے۔ خطِ شکستہ بھی تحریر کی ایک مستقل روش ہے۔ اس کے اپنے قاعدے اور لفظوں کی تحریر کے ضابطے ہیں۔ تقریباً چالیس، پینتالیس سال قبل تک مدرسوں اور مکتبوں میں اس خط کی باقاعدہ مشق کرائی جاتی تھی۔ اس خط میں بھی متعدد روشیں تھیں اور ہر روش کے اپنے خصائص تھے، ہر روش کی مشق و تحریر کے جدا جدا ضابطے تھے۔ اب خط شکستہ کا رواج بالکل اٹھ گیا ہے۔ عام طور پر مراسلت اور تصنیف و تسوید میں

بھی نستعلیق ہی کو اختیار کیا جاتا ہے۔ البتہ قدیم طریقۂ تعلیم کے فارغ و مستفید بعض بزرگ ابھی ایسے ہیں جن کی تحریریں خطِ شکستہ کا بہترین نمونہ پیش کرتی اور گذشتہ دورِ تعلیم کی یاد دلاتی ہیں۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ قومی زبان کے اجرا و نفاذ کے بعد اس کی ضرورت پھر پڑ سکتی ہے۔ اس لیے مقتدرہ کو اس جانب بھی توجہ کرنی چاہیے اور اس کے لیے نہ صرف کوئی ایک کتاب بل کہ مشق کے لیے پورا ایک سلسلۂ نصاب مرتب کر دینا چاہیے۔

''کتابت میں مکمل طور پر خط نستعلیق سے کام لیا جاتا ہے۔ خط نسخ کا تعلق اب ٹائپ رائٹر سے یا طباعت کے ایک طریق سے یا کسی حد تک عام تحریر وکتابت میں جہاں عربی عبارات یا قرآن کی آیات آ جائیں۔ خط نسخ ہو یا خط شکستہ عام تحریر سے ان کا تعلق بہت دور کا ہے۔ بچہ شروع میں جب لکھنا سیکھتا ہے تو اُسے صرف نستعلیق کی روش سکھائی جاتی ہے۔ اس لیے ابتدائی اور بنیادی اہمیت اسی خط کی ہے۔ طالب علم کا ٹائپ سے سابقہ ذرا بعدکو پڑتا ہے اور اردو نویس کےقلم کا اس سے سابقہ کبھی نہیں پڑتا، صرف نظروں کی رسائی کی حد تک اس سے تعلق رہتا ہے۔ شروع میں جب بچے کو لکھنا سکھایا جاتا ہے؛ یعنی وہ صحیح اور حقیقی وقت جب وہ املا سیکھتا ہے تو اُس وقت صرف نستعلیق کی روش اُس کو سکھائی جاتی ہے اور خیال یہ ہے کہ آیندہ بھی یہی صورت رہے گی۔ یہ بات بھی ملحوظ خاطر رہے کہ نسخ اور نستعلیق میں ترتیبِ حروف کا فرق نہیں ہوتا۔ چوں کہ یہ دو مختلف روشیں ہیں، اس لیے حرفوں کے جوڑ میں اور ان کی صورت میں کچھ فرق پیدا ہو جاتا ہے، مگر یہ فرق ایسا ہوتا ہے کہ نگاہیں جلد ہی اس سے مانوس ہو جاتی ہیں۔ قلم برابر نستعلیق کی روش پر چلتا رہتا ہے اور نظر بے تکلف نسخ میں لکھی ہوئی عبارت کو پڑھ لیتی ہے اور کسی طرح کی الجھن پیدا نہیں ہوتی۔ نسخ کتنا ہی مقبول کیوں نہ ہو جائے وہ رہے گا مشین کے پاس (ٹائپ کی صورت میں) اردو تحریر کے لیے ہاتھ اور قلم کے کام نستعلیق ہی آتا رہے گا''۔ (رشید حسن خاں۔ بہ تصرف ادنا)

اس بحث میں لفظ "خط" تحریر کی روش کے معنی میں استعمال ہوا ہے رسم الخط اس سے بالکل الگ چیز ہے۔ کسی بھی زبان کی تحریر کی مختلف روشیں ہو سکتی ہیں جو تحریر و کتابت یا طباعت میں استعمال ہوتی ہوں۔ اردو تحریر کی ان روشوں کا تعلق خطاطی کے خاندان سے ہے۔ خطاطی ایک مستقل فن ہے۔ اس نے مصوری کے انداز پر فروغ پایا ہے۔ اس لیے انھیں مستعمل اور مروج خطوں کے مقابلے میں تزئینی خطوں کا نام دیا گیا ہے۔ تزئینی خط بھی بہت سے ہیں، مثلاً خط طغرا، خط گلزار، خط غبار وغیرہ۔ ان خطوں کی بھی اپنی پہچان اور اپنے امتیازات ہیں اور پھر ہر خط میں وقت کے صاحبِ کمال خطاطوں کے خصائص نمایاں ہوتے ہیں، لیکن یہ ایک الگ فنی بحث ہے۔

واضح رہے کہ مستعمل و مروج خطوں؛ نسخ و نستعلیق اور متروک خط؛ (خطِ شکستہ) کا تعلق بھی خطاطی کے خاندان سے الگ نہیں۔ ان سے بھی تزئین و آرائش کا کام لیا گیا ہے اور خط نستعلیق تو خطاطی کے فن کا شاہ کار ہے، لیکن اس بنا پر کہ عام تحریر میں ان کا چلن رہا ہے اور ان سے آرائش کا نہیں، اظہار مطالب کے لیے تحریر کا کام لیا گیا ہے، اس لیے انھیں اردو کے متعارف اندازِ تحریر کی تین قسمیں یا روشیں کہا جاتا ہے۔ تحریر میں ان کے مستقلاً استعمال سے ان کی افادی حیثیت کا نقش اجاگر ہوا ہے اور اسی لیے اب وہ اردو املا کا خاص موضوع ہے۔ خطاطی کے مباحث کو رسمِ خط اور املا کے مباحث سے آمیز نہیں کر دینا چاہیے۔ صحتِ املا کے مسائل سے آرائشی خطوں کا کوئی تعلق نہیں۔

★ ★ ★

اعراب

اعراب کی اصطلاح زیر، زبر، پیش اور جزم کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ الف، واو اور یاء حروف صحیح کے علاوہ چوں کہ حروفِ علت کی حیثیت سے بھی استعمال ہوتے ہیں؛ اس لیے انھیں بھی اعراب کی بحث میں شامل کیا جاتا ہے۔ ہندوستان کی املا کمیٹی کی سفارشات میں ''اعراب و علامات'' کو تفصیل سے مرتب کیا گیا ہے۔ اس میں نہ صرف مذکورہ صدر مصوتوں کو شمار کیا گیا ہے، بل کہ مد، تشدید، تنوین کے علاوہ جزم کے عمل کی مناسبت سے سنسکرت زبان کے جڑواں مصمتوں کو بھی اس بنا پر شامل کر لیا گیا ہے کہ اردو میں مصوتوں (حروف علت اور حرکات) کے لیے بہت کم حروف ہیں۔ یہ قولِ نارنگ ''سچ تو یہ ہے کہ ایک ہی حرف یعنی الف ہے۔ اس لیے مصوتوں کے تلفظ کو صحیح طور پر املائی گرفت میں لانے کے لیے اعراب کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ اسی لیے اعراب ہمارے طریقِ املا کا لازمی جز ہیں۔'' (املا نامہ، ص ۵۷) جب کہ رشید حسن خاں نے صاف صاف لکھ دیا ہے کہ ''یہ بات صاف ہو جانا چاہیے کہ اعراب (زیر، زبر، پیش، جزم) نفس املا میں شامل نہیں۔'' اُن کا فلسفہ یہ ہے کہ لفظ کو حرکت کے بغیر بھی لکھا جا سکتا ہے اور لکھا ہی جاتا ہے۔ مفرد حرف حرکت سے بے نیاز ہوتا ہے۔ دوسرے حرف سے مل کر اس میں حرکت پیدا ہوتی ہے اور یہ حرکت اس کا باطنی جز بن جاتی ہے (اردو املا، ص ۵۱۵، ۵۱۶)۔ نارنگ صاحب بھی در حقیقت یہی بات کہنا چاہتے ہیں۔ اس طرح ان دونوں بیانوں کا ظاہری تعارض رفع ہو جاتا ہے۔

اعراب کی یہی اصطلاح یا حرکات کی اصطلاح عام طور پر استعمال کی گئی ہے۔ بابائے اردو مولوی عبدالحق نے اعراب کے لیے ''حرکات و سکنات'' کا مرکب بھی استعمال کیا ہے۔ رشید حسن خاں نے اعراب یا

علامات کا لفظ بھی استعمال کیا ہے۔ حالاں کہ ''علامات'' کا عنوان انھوں نے مد، تشدید، تنوین وغیرہ کے لیے استعمال کیا ہے۔ ان تینوں حرکات کو چوں کہ اعراب کی بحث میں بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس لیے اعراب کے ساتھ ''علامات'' کے لفظ کا استعمال بھی غلط نہیں کہا جا سکتا۔

اعراب پر ہمارے ہاں بہت کم توجہ دی گئی ہے۔ اس کی وجہ شاید ان کا نسبتاً کم استعمال ہے۔ رشید حسن خاں کا یہ کہنا درست ہے:

''اردو میں ہر لفظ پر زبر زیر لگانے کا رواج نہ تھا، اور نہ ہے۔ اس کی کچھ ایسی ضرورت بھی نہیں۔ ہاں، اس سے اتفاق کیا جائے گا کہ کچھ لفظوں کے بعض ٹکڑوں پر زبر، زیر، پیش، جزم یا کسی اور علامت کی ضرورت نہیں ہو سکتی ہے اور ہوتی ہے۔ اردو میں حرکات حرفوں کا جز ہیں۔ اس طرح کہ جب کوئی لفظ لکھا جاتا ہے تو حرکات حروف کے باطن میں شامل ہوتی ہیں۔ جو آسان ہیں، یا تحریر و تقریر میں آتے رہتے ہیں: ان کے تلفظ سے ذہن اسی طرح واقف ہوتا ہے، جس طرح آنکھیں ان کی صورت سے آشنا ہوتی ہیں؛ اس لیے نگاہ و زبان دونوں بہ یک وقت ان کی تکرار کرتے ہیں۔ مشکل ہوتی ہے ان لفظوں میں، جو استعمال عام سے ذرا دور رہتے ہیں یا جن میں کسی طرح کا اختلاف ہوتا ہے یا کسی نوع کا اقتباس ہو سکتا ہے؛ ایسے لفظوں میں حرکات کا تعین بھی درکار ہوتا ہے؛ واو اور ی کے سلسلے میں یہ بات بھی وضاحت کی طلب گار ہوتی ہے کہ معروف و مجہول آوازوں کے اعتبار سے کیا کیفیت پائی جاتی ہے (وغیرہ) اور اس کے بغیر، غلط خوانی اور بعض غلط امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔'' (اردو املا، ص ۵۰۵)۔

اعراب کی مشکلات یہیں ختم نہیں ہو جاتیں۔ حضرت مخدوم ڈاکٹر حمید اللہ آف پیرس نے ہمیں اس کے بعض اور دشوار گوشوں کی طرف نہ صرف توجہ دلائی ہے، بل کہ ان کا حل بھی پیش کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے افکار کا مطالعہ ہمارے ذہن میں غور و فکر کی نئی روشنی پیدا کرتا ہے۔ فرماتے ہیں:

''ہماری زبان میں تقریباً ہزار سال سے زبر، زیر، پیش کے صرف

سہ گانہ عربی اعراب پر اکتفا کی جاتی رہی ہے۔ حروف تہجی میں عربی پر کوئی درجن بھر اضافہ ہو گیا: کچھ زمانۂ قدیم ہی میں اور کچھ ہمارے ہی زمانے میں۔ مثلاً، دو چشمی (ھ) وغیرہ۔ اعراب پر کم توجہ کی وجہ اس کا نسبتاً کم استعمال سمجھا جا سکتا ہے۔ لیکن بہ ہر حال مزید اعرابی علامتیں درکار ہیں اور خود ہماری زبان کے الفاظ کے لیے واو مجہول اور یاے مجہول کی طرح مجہول پیش اور مجہول زیر کی شدید ضرورت ہے۔ انگریزی کے کثیر رواج کے باعث بہت سے انگریزی نام جو زبانوں پر چڑھ گئے ہیں، وہ تو مجہول زبر کے بھی متقاضی ہیں۔ اس وقت تمام عربی ممالک میں ایک اور حرف تہجی (ڤ) رائج ہوگیا ہے، جو یورپی زبانوں کے حرف (وی) کے لیے ہے۔ (یہ آواز (ف) اور (و) کے بین بین ہے اور نیچے کے ہونٹ کو اوپر کے دانتوں سے دبانے پر نکلتی ہے۔) سنسکرت ناموں کے لیے ہمیں اس کی مقامی ضرورت بھی ہے اور یورپی ناموں کے لیے بین الاقوامی اور علمی ضرورت بھی۔ یک سانیت اور ہم آہنگی کی خاطر (ڤ) کو بھی بلا ترمیم اختیار کیے بغیر چارہ نہیں۔'' (دیباچہ، جدید قانون بین الممالک کا آغاز، ص: الف)

اس کے بعد ڈاکٹر صاحب موصوف نے تین مزید اعراب: زیر، زبر، پیش کی مجہول صورت، مد کی مجہول حالت اور نئے حرف تہجی (ڤ) کے اضافے کی تجویز پر روشنی ڈالی ہے اور اس کی مثالیں پیش کی ہیں۔ جہاں تک سنسکرت اور یورپین زبانوں کے لکھنے کا مسئلہ ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان کے صحیح املا اور تلفظ کے اظہار سے ہم بعض اوقات قاصر رہ جاتے ہیں۔ اس کی تلافی کے لیے ہمیں اردو کے ساتھ انگریزی، فرانسیسی، جرمن یا روسی زبان کے ناموں کو ان کے حروف تہجی کی مدد سے ان کے رسم الخط میں بھی لکھنا پڑتا ہے اور اس میں بھی دقت پیش آتی ہے اور بعض اوقات تو یہ ناممکن ہو جاتا ہے۔ اس لیے کہ ہمیں صرف انگریزی ٹائپ میسر آتا ہے اور یورپ کی بعض زبانوں میں متعدد حروف تہجی کی شکلیں اور ان کے تلفظ انگریزی سے قطعی مختلف ہیں اور اس طرح چل کر جب ہم ایک مشکل سے نکلتے ہیں تو ایک دوسری مشکل میں مبتلا ہو چکے ہوتے ہیں اور گوہرِ مقصود پھر بھی ہاتھ

نہیں آتا۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کا خیال ہے کہ اگر ان کی یہ تجویز قبول کر لی جائے تو اس امر کی مطلق ضرورت نہ ہوگی کہ ناموں کو دو دو رسم الخط میں لکھا جائے۔

پروفیسر محمد سلیم صاحب کی رائے بھی یہی ہے کہ اردو میں اعراب کا مسئلہ ابھی خاطر خواہ طور پر حل نہیں ہوا۔ بہت کچھ ہونے کے باوجود ابھی اس میں نہ صرف اصلاح کی گنجایش، بل کہ ضرورت ہے۔ اردو میں اعراب کے مسئلے میں اب تک جو کوششیں ہوئی ہیں، ان میں فورٹ ولیم کالج کو اولیت کا اعزاز اور سبقت بالعلم کا مرتبہ حاصل ہے۔ اس کالج میں اردو کتابوں کی تالیف و اشاعت کا سلسلہ شروع ہوا، تو زبان کی صحت، سادگی اس کے معیار وغیرہ جن مسائل کی طرف توجہ دی گئی، ان میں اعراب اور کسی حد تک رموزِ اوقاف کے مسائل بھی تھے۔ گل کرسٹ نے اعراب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جو تجاویز پیش کی تھیں، وہ بہ قولِ محمد سلیم "بڑی معقول تجاویز تھیں۔" پروفیسر محمد سلیم نے مولوی سید عبداللہ کی ان کوششوں کا ذکر بھی کیا ہے، جو انھوں نے شاہ عبدالقادر دہلوی کے ترجمے موضحِ قرآن کی اشاعت کے موقع پر اس سلسلے میں کی تھیں۔ یہ کوششیں ۱۸۰۲ء اور ۱۸۳۸ء کے واقعات ہیں۔

ان کوششوں کے بعد انیسویں صدی ہی میں اگر کسی کا ذکر کیا جا سکتا ہے تو وہ زبان و ادب کے مجتہد ڈاکٹر سید احمد خاں کا وجودِ گرامی ہے، جنھوں نے اس مسئلے کی طرف توجہ دی۔ اس صدی میں سب سے پہلے دارالترجمہ، حیدر آباد (دکن) نے اردو اعراب کے لیے چند نئی شکلیں تجویز کیں، اس کے بعد اگر کسی ادارے کا نام اس کے مساعیِ جمیلہ کی وجہ سے لیا جا سکتا ہے، تو وہ انجمنِ ترقیِ اردو ہے۔ اس سلسلے میں بعض انفرادی کاوشیں بھی دراصل انجمن ہی کے حصے میں آئی ہیں۔

قیامِ پاکستان کے بعد پنجاب یونیورسٹی کے اردو دائرۂ معارفِ اسلامیہ نے اپنی ضرورت کے مطابق اعراب و علامات کو تفصیل سے مرتب کیا اور غیر زبانوں کے الفاظ کے صحیح املا اور تلفظ کے لیے قاعدے بنائے

اور کچھ جو پہلے سے مروج تھے ، خاص طور پر مشرقیات کی تحقیق و تدوین میں جن سے پہلے کام لیا جا رہا تھا ، انھیں اخذ کر لیا ۔

ترقی اردو بورڈ (اردو ڈکشنری بورڈ) جس کا قیام ایک جامع اردو لغت کی تدوین کے لیے عمل میں آیا تھا ، اسے خاص طور پر املا ، اعراب ، رموزِ اوقاف ، علامات وغیرہ کے مسائل پر توجہ کرنی پڑی ۔ چناں چہ اس نے اعراب (ملفوظی و مکتوبی) کے قواعد بڑی تفصیل کے ساتھ وضع کیے اور انھیں اپنے لغات میں برتا ہے؛ لیکن یہ نہایت پیچیدہ بھی ہیں ۔ انھیں صرف لغات کی تحقیق میں استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ یہ عام تحریروں کے لیے خصوصاً املا کے مسائل میں ، جو اس وقت ہمارے سامنے ہیں ، بالکل مفید نہیں ۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ عام اور روزمرہ کی تحریروں میں اعراب کا استعمال کم ہونا چاہیے ، لیکن اہم مضامین میں ، نئے اور دوسری زبانوں کے الفاظ ، قانونی اور فنی اصطلاحات میں ، ان کے صحیح تلفظ کی طرف رہنمائی کے لیے اعراب کا استعمال از بس ضروری ہے ۔ اس سلسلے میں اضافت کا زیر اور بعض ضمائر و کلمات ، مثلاً اِس ، اُس ، اِن ، اُن ، اِدھر ، اُدھر وغیرہ میں اعراب ضرور لگائے جائیں ۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ زبان کی معلومات کے گرتے ہوئے معیار نے اعراب کے استعمال کی اہمیت کو بہت بڑھا دیا ہے ۔ ابتدائی نصابی کتابوں میں تو اس کی اہمیت بہت ہی زیادہ ہے ۔ اس لیے کہ یہی وہ دور ہے جب زبان ، تلفظ ، املا وغیرہ کی بنیادیں استوار ہوتی ہیں ۔ اگر اس دور میں ایک غلط لفظ زبان پر چڑھ گیا یا قلم لفظ کے غلط املا میں ایک مرتبہ رواں ہوگیا ، تو پھر اصلاح بہت مشکل ہو جائے گی ۔

* * *

علامتیں

رشید حسن خاں نے علامتوں کو آسانی کی خاطر چار قسموں میں تقسیم کر دیا ہے :

۱ - وہ علامتیں جو کسی حرف کی نمائندگی کرتی ہیں ، جیسے تشدید -

۲ - وہ علامتیں ، جن کو اعراب کی ایک قسم کہا جا سکتا ہے ، جیسے : واو معروف پر الٹا پیش -

۳ - وہ علامتیں جن کی مدد سے بعض لفظوں کے خاص مفہوم کے تعین میں مدد ملتی ہے یا وہ ایسے مخففات ہوتے ہیں جو کسی خاص مفہوم کی طرف ذہن کو منتقل کرتے ہیں -

۴ - وہ علامتیں جن کی مدد سے جملے یا عبارت کے مختلف اجزا کو ، معنوی نسبت کے مطابق الگ الگ کرنے میں اور اس طرح وضاحت معنی میں مدد ملتی ہے ، ان کو ''رموز اوقاف'' کہا جاتا ہے -

یہاں پر یہ صراحت بھی بے جا نہ ہوگی کہ اصلاً ''اعراب'' بھی ایک طرح کی علامتیں ہی ہیں لیکن ان کی خاص اور ذرا مختلف حیثیت کی بنا پر ان کو اس تقسیم سے اور ایک مستقل عنوان کے تحت رکھا گیا ہے - اب ان کی قدرے تفصیل پر ایک نظر ڈال لیجیے :

پہلی قسم : اس میں ان علامتوں کو شمار کیا گیا ہے جو کسی حرف کی نمائندگی کرتی ہیں ، جیسے : مد ، تشدید اور تنوین -

(الف) : مد ، یہ الف کی قائم مقامی کرتا ہے - مثلاً : آب ، آتش ، آباد وغیرہ کہ ان الفاظ میں دو الف ہیں - ایک زمانے میں ان کو دو الف ہی سے لکھا بھی جاتا تھا ، جیسے : ا اب ، ا اتش ، ا اباد -

لیکن اب مدت دراز سے ان کا املا الف ممدودہ سے رواج پا لیا ہے۔ اس میں ایک الف نے دوسرے الف کے اوپر ایک منحنی۔ خط ( ) کی شکل اختیار کرلی ہے۔ یہ منحنی خط لسانیات کی اصطلاح میں مد ( ) کہلاتا ہے جو ایک الف کا قائم مقام ہے۔

(ب) : تشدید، یہ حرف کی تکرار کو ظاہر کرتی ہے۔ املا میں کسی حرف کی تکرار کو ظاہر کرنے کے لیے اس حرف پر دو دندانوں کا ایک نشان ( ) بنا دیتے ہیں۔ اسے اصطلاح میں تشدید کہا جاتا ہے۔ جیسے : مدت، کلیہ، تصور وغیرہ۔ صحیح پڑھنے (قرأت) اور صحیح لکھنے (املا) کے لیے تحریر میں تشدید کا اہتمام بہت ضروری ہے۔ خاص طور پر مبتدیوں کی تعلیم میں۔ رشید حسن خاں نے مثالاً غالب کے یہ تین شعر دیے ہیں :

تیرگیِ ظاہری، ہے طبع آگہ کا نشان
غافلاں! عکسِ سوادِ صفحہ ہے گردِ کتاب
بے ہوس محمل بہ دوشِ شوخیِ ساقیِ مست
نشہ ہے کے تصور میں نگہ بانی عبث
ساز عریانیِ کیفیتِ دل ہے، لیکن
یہ مئے تند نہیں موجِ خرامِ اظہار

ان تینوں شعروں میں تیرگی، ساقی، نشہ اور کیفیت : ایسے الفاظ ہیں جن کی بغیر تشدید کے عام طور پر سادہ قرأت کی جاتی ہے اور تحریر و کتابت میں تشدید کا اہتمام کیا نہیں جاتا۔ اب اگر ان اشعار میں یہ الفاظ کوئی تشدید کے اظہار کے بغیر لکھ دے، یا پڑھ دے تو یہ نہ صرف غلط نویسی کی مثال ہوگی۔ غلط خوانی کی روایت بھی پڑے گی، تلفظ بھی بگڑے گا، اشعار بھی بحر وزن سے خارج ہوں گے اور اشعار کا حسن بھی غارت ہو جائے گا۔

اس لیے ضروری ہے کہ تحریر و کتابت میں تشدید کا اہتمام کیا جائے۔ خاص طور پر ان کتب و رسائل میں جن میں لسانیات، قواعد، لغات وغیرہ کے موضوعات پر مضامین شامل ہوں، یا ان کتابوں اور مجموعوں میں جو خاص ان موضوعات پر ہوں۔ طلبہ کی خواندگی کی کتابوں تو اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔

(ج) : تنوین ،''ن'' کی قائم مقام ہے - یہ دو زبر ، دو زیر ، دو پیش سے ظاہر کی جاتی ہے اور اس کی آواز نون کے مشابہ ہوتی ہے - یہ خاص عربی کی چیز ہے ، جیسے : نسلاً ، نسلٍ ، نسلٌ - اردو میں نسلن ، نسلن اور نسلن ہوگا - اردو میں پیش اور زیر کی تنوین بہت کم استعمال میں آتی ہے - زیادہ لفظ وہ ہیں جن میں دو زبر ( ) آتے ہیں -

زبر کی تنوین کے لیے ، اردو اور فارسی ؛ دونوں کا قاعدہ ہے کہ لفظ میں الف کا اضافہ کرکے اس پر دو زبر لگا دیے جاتے ہیں ، مثلاً : حکم ، اتفاق ، انتظام کا تنوین کے ساتھ املا یہ ہوگا : حکماً ، اتفاقاً ، انتظاماً -

اس میں تاے دراز (ت) کا استثنا نہیں ہے - البتہ تاے مدور (ۃ) پر بعض حضرات الف کے اضافے کے بغیر تنوین لگاتے ہیں ، اب چونکہ انجمن ترقی اردو نے طے کیا ہے کہ تاے مدور (ۃ) کو بھی تاے دراز (ت) سے لکھا جائے ، مثلاً : صلات ، زکات - اس لیے تاے مدور (ۃ) کا استثنا بھی ختم ہو گیا - اس اصول پر باے مختفی کا فیصلہ بھی ہو گیا کہ اصلاً یہ بھی تاے مدور (ۃ) ہی تھی ، جس نے اردو میں ہاے مختفی کی شکل اختیار کر لی تھی -

اب اصول یہ طے پایا کہ الفاظ کے آخر میں خواہ تاے مدور ہو ، خواہ ہاے مختفی ، خواہ کوئی حرف ہو اور ان کے اضافے کے بعد اس پر زبر کی تنوین استعمال کی جائے گی -

۱ - قصداً ، فوراً ، حکماً ، اتفاقاً -

۲ - حقیقتاً ، مروتاً -

۳ - نتیجتاً ، واقعتاً ، کلیتاً -

ان اختیارات کا تعلق اب چونکہ املا کے مسلمات میں سے ہے - اصحاب عروض نے قافیوں میں تنوین کا استعمال جائز قرار دیا ہے - ان کی مثالیں عام ہیں - "تاریخ نثر اردو" میں مولانا احسن مارہروی کا یہ قطعہ تاریخ شامل ہے -

نثر اردو کا یہ آئینہ، تاریخ وہ ہے
جس سے پہلو، رخِ تاریخ کا روشن ہوگا
پنج صد سالہ سوانح کا ہے دفتر جس سے
یاد ہر واقعہ بھولا ہوا ، فوراً ہوگا

اس میں روشن کا قافیہ فوراً استعمال کیا گیا ہے۔

زیر اور پیش کی تنوین کے لیے الف کے اضافے کی ضرورت نہیں ہوتی ، جیسے نسلاً بعد نسلٍ اور مشار الیہ میں نسلٍ اور مشار۔

رشید حسن خاں کے بہ قول ''اصولاً'' یہ تینوں علامتیں جز و املا ہیں۔

دوسری قسم : ان علامتوں کا تعلق معروف و مجہول (آوازوں) ، واو ، ہمزہ ، اور ی کی مخلوط آوازوں اور نون غنہ کی آواز سے ہے۔ پہلے یہ بات واضح کر دی جائے کہ یہ علامتیں نفسِ املا میں شامل نہیں ، مگر ان کو صحتِ کلام کے اہم اسباب و وسائل میں شمار کرنا چاہیے۔

نون غنہ : پہلے آپ نونِ غنہ کو لیجیے ؛ نونِ غنہ اگر لفظ کے آخر میں ہو تو اس پر نقطہ نہیں لگاتے ، یہی اس کی پہچان ہوتی ہے ، جیسے ؛ ماں ، کہاں ، کہوں وغیرہ ۔ اگر لفظ کے درمیان میں ہو تو اس پر الٹے جزم کی علامت ( ) کی علامت بنا دیتے ہیں ، جیسے ؛ مانند ، چاند ، رانڈ وغیرہ۔

واو : واو کی چار صورتیں بیان کی گئی ہیں۔

۱ - واو معروف ؛ اس میں واو کے اوپر الٹے پیش کی علامت بنا دیتے ہیں ، دور ، طور ، نور وغیرہ۔

۲ - واو مجہول ؛ اس پر کوئی علامت نہیں بنائی جاتی ، البتہ اس سے پہلے حرف پر پیش دینا چاہیے۔ یہی واو مجہول کی علامت بن جائے گی ، مثلاً ؛ چور ، مور ، زور وغیرہ۔

۳ - واوِ ما قبل مفتوح - اس میں حرف ما قبل پر زبر لگا دینا چاہیے، جیسے: دور، مور، غور وغیرہ -

۴ - واوِ معدولہ: یہ وہ واو ہے جو تلفظ میں تو شامل نہیں ہوتا، لیکن لکھا جاتا ہے، جیسے: خویش، خوش، خود وغیرہ اس کے نیچے چھوٹا سا خط کھینچ دیا جاتا ہے - محکمۂ تعلیم پنجاب نے اپنی بعض نصابی کتابوں میں اسے استعمال کیا تھا - مولوی فتح محمد جالندھری نے افضل القواعد (۱۹۱۷ء) میں بھی اس علامت کو استعمال کیا ہے - ان کو بابائے اردو مولوی عبدالحق نے تجویز کیا ہے، اس کی صورت یہ ہوتی ہے: خود، خوش، خویش وغیرہ -

ی - اس کی تین صورتیں بیان کی گئی ہیں:

۱ - یائے معروف: حرف کے آخر میں آئے تو پوری لکھی جاتی ہے - جیسے: زندگی، بندگی، حیرانی، پریشانی - درمیان میں آئے تو اس کے نیچے کھڑی لکیر بنا دینے کی تجویز ہے، جیسے: پیر تیر، شیر - یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ ایسے الفاظ کو ٹکڑوں میں لکھا جائے - جیسے: پ،ر، تی و، شی ر - ان کے مقابلے میں پہلی تجویز زیادہ مناسب معلوم ہوتی ہے -

۲ - یائے مجہول: اس کی پہچان کے لیے تجویز کیا گیا ہے کہ اس سے پہلے حرف کے نیچے زیر لگا دیا جائے، جیسے دیر، تیل، ریل وغیرہ لفظ کے آخر میں یائے مجہول کی شکل متعین و معروف ہے، جیسے دے، لے گے وغیرہ -

۳ - یائے ماقبل مفتوح: اس میں ی سے پہلے حرف پر زبر لگا دینا چاہیے، جیسے: پیر، دیر، میل وغیرہ -

مخلوط آوازیں: کبھی ایسا ہوتا ہے کہ واو، ہمزہ، ی کی آوازیں حرفِ ما قبل سے آمیز ہو کر نکلتی ہیں، الگ صاف اور واضح نہیں ہوتیں - اس لیے ان کی وضاحت کے لیے "مخلوط" کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے -

۱ - واو مخلوط : واو کی آواز اس سے پہلے حرف کے ساتھ آمیز ہو کر نکلتی ہے - اس کی پہچان کے لیے واو پر جزم سے ملتی جلتی آٹھ کی شکل کی علامت (^) بنا دیتے ہیں ، جیسے : خواب ، خواہش ، خوار وغیرہ -

۲ - ہمزۂ مخلوط : اس کے لیے بھی وہی علامت (^) تجویز کی گئی ہے ، جو واو مخلوط کے لیے ہے ، جیسے : مکئی ، معلئی ، سرمئی وغیرہ -

۳ - یائے مخلوط : اس کے لیے بھی اسی علامت (^) کو موزوں سمجھا گیا ہے ، جیسے : پیار ، کیاری - پیاس وغیرہ -

تیسری قسم - تیسری قسم میں وہ رموز و علائم شمار کیے جاتے ہیں جن کے استعمال سے لفظوں کے خاص مفہوم کے تعین میں مدد ملتی ہے - بعض علامتیں خاص خاص لفظوں یا جملوں کی قائم مقام ہوتی ہیں - ان کا استعمال ان لفظوں اور جملوں کے اعادہ و تکرار سے بچاتا ہے ، تحریر میں روانی پیدا ہو جاتی ہے - ان رموز و علائم کو تین حصوں میں تقسیم کر دیا ہے :

۱ - وہ علامتیں جن میں کوئی حرف یا اس کا سرا کسی لفظ یا جملے کا قائم مقام ہوتا ہے - ان میں سے خاص یہ ہیں :

ج : جلد کی علامت کے لیے استعمال ہوتی ہے یا جواب کے لیے -

س : سوال کے لیے اس علامت کا استعمال عام ہے -

ص : صفحے کی علامت ہے - اس کے لیے ص کا نشان بھی استعمال کیا جاتا ہے -

• - اگر یہ علامت احمد یا محمد پر نیز : جناب ، حضرت ، حضور کے الفاظ پر بناتے ہیں ، جب کہ یہ الفاظ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لیے استعمال کیے گئے ہوں ، تو اس کا مطلب یہ ہو کہ "صلی اللہ علیہ وسلم" - اگر یہ علامت کسی مصرعے ، شعر یا جملے

پر بنی ہو اسے پسندیدگی اور اس کے صحیح ہونے کا اشارہ سمجھا جائے گا۔

باسمہ : بسم اللہ الرحمن الرحیم کا قائم مقام جملہ۔

رح : بزرگ و محترم مسلمان مرحوم شخصیت کے نام پر یہ علامت بنا دیتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے : رحمتہ اللہ علیہ۔

رض : رضی اللہ تعالیٰ عنہ/عنہا کی علامت ہے۔ صحابہ کرام کے ناموں پر بناتے ہیں۔

صلعم : صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف ہے۔ حضورؐ کے اسم مبارک کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

ؑ : انبیائے کرام کے اسمائے گرامی کے ساتھ یہ علامت استعمال ہوتی ہے۔ اس کا مطلب : علیہ السلام یا علیہ الصلوۃ والسلام۔

: لعنت اللہ علیہ کی علامت ہے۔ ایک مصنف کی کتاب میں یہ نشان نظر سے گزرا ہے، جو انھوں نے اپنے قلب کی ناراضگی کے لیے ایک تابعیؒ کے نام پر بنایا ہے۔

ع ، ھ ، ف ، ب ، ق م : یہ علامتیں سنہ کے ساتھ استعمال ہوتی ہیں۔ ان کا مطلب بالترتیب یہ ہے : عیسوی ، ہجری ، فصلی ، بکرمی - قبل مسیح۔

ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کے رسائل ، مطبوعات ، خطوط وغیرہ میں عیسوی کے بجائے شمسی کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض حضرات ہجری کے بجائے قمری کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

ج - س - م - ف : یہ حروف مخفف ہیں۔ "جواب سے مطلع فرمائیں"۔ یہ مخففات انگریزی کی تقلید میں پچھلے چند برسوں سے دعوت ناموں میں نیچے کی طرف ، داہنے کونے میں عام طور پر نظر آ جاتے ہیں۔

پ/م : یہ حرف پیدائش اور میلاد کے مخفف کے طور پر سال ولادت کے اظہار کے لیے کسی شخص کے نام کے ساتھ قوسین میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

ف/و : یہ حروف فوتیدگی اور وفات کے مخفف کے طور پر استعمال ہوتے ہیں - ان میں سے کسی حرف کے بعد جو سنہ آتا ہے - وہ اس شخص کا سالِ وفات مراد ہوتا ہے -

الخ یا الآیہ : الخ یا الی آخرہ کا مخفف ہے - اگر کسی عبارت کا کچھ حصہ نقل کر کے یہ نشان بنا دیا گیا ہو تو اس کا مقصود یہ ہوتا ہے کہ اس عبارت کو اصل ماخذ میں یا اسی تحریر کے پچھلے صفحات میں (جہاں بھی ہو) آخر تک مطالعہ کرنا چاہیے - لیکن اگر قرآن کی آیت کا ایک حصہ نقل کیا گیا ہو اور ہدایت یہ مقصود ہو کہ پوری آیت پڑھی جائے تو وہاں الخ نہیں لکھتے بل کہ الآیہ لکھتے ہیں - اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ اس پوری آیت کو پڑھا جائے -

رک : اگر کسی تحریر میں کسی خاص بحث ، تحقیق ، مقالے کی طرف یا کسی صفحے پر درج تفصیل کی طرف توجہ دلانی ہو تو رک "..... " کی علامت بنا کر بحث ، تحقیق یا مقالے ، عنوان یا صفحہ نمبر لکھ دیتے ہیں - "رک" ، رجوع کنید یا رجوع کیجیے کا مخفف ہے -

قب : کسی تحریر میں کسی بیان یا حوالے سے اگر مقابلے کی ضرورت محسوس ہو تو "قب" لکھ دیتے ہیں - اس کا مطلب ہے کہ مقابلہ کیجیے -

کذا : کسی متن کی تدوین و تصحیح کرتے ہوتے کوئی لفظ سمجھ میں نہ آئے اور اس کی صحت میں شبہ ہو تو قلابین میں "کذا" لکھ دیتے ہیں ، یہ "کذالک" کا مخفف ہے - کذالک کے معنی ہیں "اسی طرح" -

لہ/ولہ : لہ کے معنی ہیں "اس کا" کسی شاعر کے کلام کی نقل یا تالیف و تدوین میں ایک ہی شاعر کا کلام آ رہا ہو تو غزل ، قطعہ ، رباعی یا ابیات کے شروع میں لہ یا ولہ لکھتے جاتے ہیں - اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ بھی اس (مذکورۃ الصدر) شاعر کا کلام ہے

منہ : اس کے معنی ہیں "اس سے" یا "اسی سے" -

ع/ : تحریر میں اگر کوئی مصرع آئے تو ع اور اگر شعر آئے تو کی علامت بنا کر مصرع یا شعر لکھتے ہیں ع مصرع سے ماخوذ ہے اور ص کی علامت دراصل بیت بہ معنی شعر تھا جس
میں لکھے جانے اور نقطوں کے گر جانے سے کی شکل اختیار کر لی۔

۲ - رموز و علائم میں دوسری قسم کی علامتیں وہ ہیں جو کسی لکیر خط ، نقطے وغیرہ کی شکل میں ظاہر ہوتی ہیں۔ ان میں سے خاص یہ ہیں :

تخلص کی معروف علامت ہے۔

"خط" کسی حرف ، لفظ ، جملے یا بعض اوقات کسی عبارت پر بنا دیتے ہیں۔ بعض اوقات کئی کئی سطروں بلکہ پورے پورے پیرا گراف پر بنا ہوتا ہے ، تاکہ تحریر میں نمایاں ہو جائے اور قاری اس سے سرسری نہ گزر جائے۔ بعض حضرات کسی حرف یا لفظ کو نمایاں کرنے کے لیے واوین کا استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً ہ ، ی وغیرہ کو نمایاں کرنے کے لیے تاکہ نظر اس کو فوراً اپنی گرفت میں لے لے ، جیسے "ہ" ، "و" لیکن اس کے مقابلے میں میرے خیال میں یہ صورت زیادہ موزوں ہے کہ اس پر ایک چھوٹی سی لکیر ؛ یعنی خط بنا دیا جائے ، جیسے ہ ، و ۔ بعض اوقات کسی خاص مفہوم پر توجہ دلانے کے لیے یہ خط بناتے ہیں۔ بعض ادارے اپنی مطبوعات میں خاص طور پر اسمائے علم پر لکیر ڈالنے کا خاص اہتمام کرتے ہیں۔ مذہبی کتابوں میں حدیث ، فقہ اور دیگر عربی عبارتوں سے تمیز کرنے کے لیے قرآن کی آیتوں پر لکیر ضرور ڈال دیتے ہیں۔ اس اہتمام سے مبتدی بھی بہ یک نظر معلوم کر لیتا ہے کہ یہ قرآن کی آیت یا آیات ہیں۔ اردو میں یہ خط ، انگریزی کے برعکس سطر کے اوپر ڈالتے ہیں۔

کسی تحریر میں اگر کچھ عبارت ضائع ہو گئی ہو ، پڑھی نہ جاتی ہو تو اس جگہ پر نقطے ڈال دیتے ہیں۔ نقطوں کی کمی بیشی سے

ضائع شدہ یا نا قابلِ فہم عبارت کی کمی یا زیادتی کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ بعض حوالے میں درمیان کی غیر متعلق عبارت کو حذف کر دیتے ہیں اور محذوف عبارت کی جگہ نقطے بنا دیتے ہیں۔

یہ نشان ؎ یا صحیح کا قائم مقام ہے اور کسی شعر یا عبارت کی صحت، پسندیدگی یا عمدگی کے اظہار کے لیے بنا دیتے ہیں۔

یہ اس بات کا نشان ہے کہ وہ شعر، عبارت، مقولہ، حوالہ، اقتباس، درست، پسندیدہ یا عمدہ نہیں ہے۔

اگر کوئی ایک ہی اندراج اوپر سے نیچے کی طرف ہو تو بار بار اسی لفظ یا جملے کو دہرانے کے بجائے یہ نشان بنا دیا جاتا ہے اسے ایضاً نشان کہتے ہیں۔ لیکن اگر دائیں سے بائیں بار بار ایک کتاب، مضمون یا مصنف کا حوالہ آ رہا ہو تو جب تک کوئی دوسرا مختلف جوڑ بیچ میں نہ آ جائے، متن میں یا حواشی جہاں بھی حوالہ آ رہا ہو ایضاً کا لفظ لکھتے رہتے ہیں۔ پہلے رقموں، پیمانوں، وزنوں یا فٹوں کے ساتھ اس علامت ( ) کا استعمال عام تھا۔ اب صرف تاریخوں کے ساتھ یہ علامت استعمال ہوتی ہے جیسے: ۱۲ جولائی۔ ۱۳ اگست وغیرہ۔

= تحریر میں کسی لفظ کی حیثیت اور قدر مساوی قرار دینے کے یہ علامت استعمال ہوتی ہے، جیسے اپر = اوپر کبھو = کبھی۔

یہ علامت کسی متن کو مرتب کرنے یا کسی شعر، عبارت، لفظ کے مفہوم یا متن کی وضاحت یا حوالے کی ضرورت کے لیے استعمال میں آتی ہے۔ متن میں یہ علامت ( ) بنا کر اس پر نمبر ڈالتے گئے اور حاشیے میں اس عمل کو دہرا کر معنی و مفہوم کی وضاحت یا حوالے کی صراحت کرتے گئے۔

کبھی کوئی مصنف کسی متن کی اور حاشیے میں نمبروں کو نہیں دہراتا بلکہ ہر حاشیے کے لیے ایک نیا نشان استعمال کرتا ہے۔ مثلاً متن میں تشریح، وضاحت یا صراحت طلب مقام پر ان نشانوں ( ) میں سے کوئی ایک نشان بنا دیا

پھر وہی نشان حاشیے میں بنا کر مقصد کو بیان کر دیا ۔ ان نشانوں کے علاوہ بھی بعض نشان ، ستارے وغیرہ کی شکل (✱) کے استعمال ہوتے ہیں ۔ لیکن اردو میں ان علامات کے استعمال کی مثالیں اب بہت کم ملتی ہیں ۔

کسی تاریخ و ماہ یا سال کے مطابق یا کسی چیز یا حالت کے انتخاب و صراحت کے لیے ایک ترچھی سطر کی چوڑائی کی لکیر استعمال کرتے ہیں ، جیسے : ۳۰ شوال ۱۴۰۵ھ/۱۹ جولائی ۱۹۸۵ء یا میں وعدہ کرتا/کرتی ہوں یا سبزی/گوشت میری پسندیدہ غذا ہے ۔ تاریخ کے ساتھ استعمال ہونے والی علامت (/) سے یہ لکیر قدرے بڑی ہوتی ہے ۔

۳ - رموز و علائم کی ایک تیسری قسم بھی قرار دی جا سکتی ہے ، جس میں ہندسے کسی لفظ یا جملے کی قائم مقامی کرتے ہیں ۔ مثلاً یہ :

۱۲ : حد کے عدد ہیں اور قدیم کتابوں میں ہر حاشیہ کے اختتام پر یہ ہندسہ (۱۲) لکھ دیا جاتا تھا اس کا مطلب یہ ہوتا تھا کہ حاشیہ ختم ہوا یا اختتام کو پہنچا ۔ اب اس کا رواج باقی نہیں رہا ۔

۷۸۶ : بسم اللہ الرحمن الرحیم کے اعداد ہیں ۔ خط یا تحریر یا کتاب کے آغاز میں لکھے جاتے ہیں ۔ یہ روایت اب بھی باقی ہے ۔ بہت سے رموز و علائم محققوں کے ذاتی بھی ہوتے ہیں ، جو کسی خاص کتاب یا متن سے استفارے کی سہولت کی خاطر یا تحریر میں کسی حوالے کی تکرار سے بچنے کی خاطر وضع کر لیے جاتے ہیں ۔ مثلاً : کسی مخطوطے کی بحث و تحقیق میں اگر پنجاب یونی ورسٹی لائبریری کے شیرانی کلیکشن ، خدا بخش لائبریری پٹنہ ، رضا لائبریری رام پور اور کل پاکستان انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی کے حوالے بار بار آ رہے ہوں ، تو محقق کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ ان کے لیے اشارے مقرر کرلے اور شروع ہی میں

وضاحت کر دے کہ حواشی و توضیحات میں نسخۂ ش ، نسخۂ خ نسخۂ ر اور نسخۂ ک سے کیا مراد ہوگی ۔

ان تمام رموز و علائم اور اشارات و نشانات کے فوائد معلوم ہیں ، ان پر کسی بحث و نظر کی ضرورت نہیں ۔ لیکن یہ وضاحت ضروری ہے کہ یہ نقشہ املا میں شامل نہیں ۔

* * *

رموزِ اوقاف

رموزِ اوقاف ان علامتوں کو کہتے ہیں، جن کی مدد سے جملے کے مختلف اجزا کو صحیح طور پر سمجھنے میں سہولت پیدا ہوتی ہے۔ پروفیسر محمد سلیم نے ان کے لیے اوقافِ قرأت کی ترکیب استعمال کی ہے، لیکن جب اوقافِ قرأت کی اصطلاح ہم استعمال کرتے ہیں تو املا اُس کے دائرے سے باہر نکل جاتا ہے جب کہ اوقاف کا استعمال قرأت اور املا دونوں میں ہوتا ہے۔ قرأت سے مراد یہاں قرآن حکیم کی قرأت یا تلاوت یا صرف پڑھنا یعنی ریڈنگ نہیں بلکہ روزمرہ کی گفتگو، بات چیت، تقریر اس میں شامل ہے۔ لیکن قرأت میں، بلند آواز سے پڑھنے میں یا بات چیت اور عام گفتگو میں تو ہمیں ان اوقاف کے صحیح یا غلط استعمال کا پتا بھی نہیں چلتا، الفاظ آواز کے زیروبم، سختی یا نرمی، بلندی یا پستی، تیزی یا روانی، ٹھہراؤ اور لہجے کے خصائص سے ہم گفتگو کے ربط اور قاری کے مفہوم کو بہ خوبی سمجھ لیتے ہیں۔ قاری کا لہجہ اور گفتگو کا انداز ہمیں مفہوم کی گہرائی تک پہنچا دیتا ہے؛ لیکن اگر کوئی بات لکھی ہوئی اور املا کی شکل میں ہمارے سامنے آئے چوں کہ قاری کی آواز، اس کا اندازِ گفتگو اور لہجہ ہماری رہنمائی کے لیے موجود نہیں ہوتا اس لیے تحریر و املا میں رموز اوقاف کے استعمال کی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے، بلکہ صحیح تو یہ ہے کہ ضرورت وہیں ہوتی ہے۔ رموزِ اوقاف کی اصطلاح عام ہے اور املا و قرأت دونوں اس کے دائرے میں آ جاتے ہیں۔ اس لیے میری رائے میں اوقافِ قرأت کے مقابلے میں رموزِ اوقاف کی اصطلاح اپنے دائرۂ استعمال کی وسعت اور عمومیت کے لحاظ سے زیادہ مناسب ہے۔ بابائے اردو مولوی عبدالحق نے رموزِ اوقاف کے ساتھ ''وقفے'' کا لفظ بھی استعمال کیا ہے۔ وقفے کی اصطلاح بھی املا و قرأت کے کسی ایک دائرے تک محدود نہیں۔

اگرچہ اعراب کی طرح رموزِ اوقاف بھی نفسِ املا میں شامل نہیں، لیکن ان کا استعمال از بس ضروری ہے۔ اگر ان کا استعمال نہ کیا جائے یا صحیح استعمال نہ ہو، تو عبارت کے مفہوم کے تعین میں بعض اوقات دقت پیش آتی ہے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مطلب بالکل خبط ہو جاتا ہے۔ دو عام سے جملے تھے۔ ''روکو مت جانے دو'' ، یا ''بیٹھو مت کھڑے ہو''۔ ان کا صحیح مفہوم کیا ہے؟ یہ صرف رموزِ اوقاف کا استعمال ہی متعین کرے گا۔ ورنہ ہر شخص اپنے ذوق و غرض کے مطابق اس کا مطلب نکالے گا۔ بابائے اردو مولوی عبدالحق لکھتے ہیں:

''اوقاف یا وقفے ان علامتوں کو کہتے ہیں، جو ایک جملے کو دوسرے جملے سے، یا کسی جملے کے ایک حصے کو دوسرے حصوں سے علاحدہ کریں۔ ان اوقاف کا برملا فائدہ یہ ہے کہ اول تو ان کی وجہ سے نظر کو سکون ملتا ہے اور وہ تھکتے نہیں، دوسری بڑی بات یہ ہے کہ ذہن ہر جملے یا جزو جملہ کی اصلی اہمیت کو جان لیتا ہے اور مطلب سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے''۔

اردو زبان کی تاریخ کے دورِ جدید میں رموزِ اوقاف کے کامل شعور کا پتا ہمیں سب سے پہلے سرسید کے ہاں ملتا ہے۔ وہ پہلے شخص ہیں۔ جنھوں نے اردو تحریر کے مختلف اجزا کو مرتب کرنے اور ان کے صحیح مفہوم سے آشنا ہونے کے لیے رموزِ اوقاف کی اہمیت کو نہ صرف محسوس کیا، بلکہ انھیں مرتب کردینے کی سعی بھی کی۔ سرسید نے اردو زبان و ادب کی ترقی کے لیے مختلف میدانوں میں جو عظیم‌الشان خدمات انجام دیں، ان کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ انھوں نے انگریزی زبان میں پنکچوئیشن کی روایت سے واقف ہوکر، اردو میں ان کے رواج اور استعمال کی تحریک شروع کی۔ یہ امتیاز بھی انھیں کے ایک رفیق خواجہ الطاف حسین حالی کو حاصل ہوا کہ انھوں نے سب سے پہلے ان رموز کو اپنی تصانیف میں استعمال کیا، خصوصاً ''یادگار غالب'' کا متن ان کی اس کوشش کی مثال ہے۔ مولانا امتیاز علی خان عرشی نے ''مکاتیب غالب'' کی تدوین میں ان رموز کو پوری طرح برتا ہے۔ اس اہتمام کی بدولت غالب کی تحریر کی وہ تمام پیچیدگیاں دور ہو جاتی ہیں جو غالب کی تعقید پسند طبیعت نے ان کی تحریر میں بعض مقامات پر پیدا کردی تھیں۔

بابائے اردو مولوی عبدالحق اور ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے رموز اوقاف میں گیارہ اور رشید حسن خاں نے ان میں سے ان آٹھ علامتوں کو اختیار کیا ہے ۔ اگرچہ تین متروکہ علامتوں کا استعمال بھی خارج از ضرورت نہیں کہا جاسکتا ، لیکن اگر ان آٹھ علامتوں کو بھی استعمال کر لیا جائے تو تحریر میں اوقاف کی بنیادی اور اہم ضرورت پوری ہو جاتی ہے ۔ یہ آٹھ علامتیں یہ ہیں :

۱ ۔ سکتہ	،	Commas
۲ ۔ وقفہ	؛	Semicolon
۳ ۔ رابطہ	:	Colon
۴ ۔ ختمہ	۔	Fullstop (.)
۵ ۔ سوالیہ	؟	Sign of Interrogation
۶ ۔ ندائیہ ، فجائیہ یا استعجابیہ	!	Sign of Exclamation
۷ ۔ قوسین	( ) { } [ ]	Brackets
۸ ۔ واوین	" "	Inverted Commas

جن تین علامتوں کو رشید حسن خاں نے چھوڑ دیا ہے ، وہ یہ ہیں :

۱ ۔ خط	——	Line
۲ ۔ زنجیرہ	۸ ، ~	Hyphan
۳ ۔ تفصیلیہ	:—	Colon—Dash

جہاں تک تفصیلیہ کا تعلق ہے ، اس کی ضرورت رابطہ (:) پوری کردیتا ہے اور اس کا رواج بھی ہوگیا ہے ۔ اس لیے اسے ترک کردیا جاسکتا ہے ۔ لیکن خط اور زنجیرے کو ترک کردینا ، ایک خاص ضرورت سے آنکھیں بند کرلینے کے مترادف ہوگا ۔ خط کے استعمال کے بارے میں مولوی صاحب نے بتایا ہے کہ یہ جملۂ معترضہ کے شروع اور آخر میں ہوتا ہے ۔ شاید اس صورت میں اس کا استعمال آج نظر نہ آئے لیکن کسی زمانے میں انجمن ترقی اردو نے اور دارالمصنفین اور کئی دوسرے اداروں

نے یہ اہتمام کیا تھا اور دارالمصنفین ، ندوۃالمصنفین وغیرہ کی مطبوعات میں اب بھی یہ اہتمام نظر آتا ہے کہ اشخاص ، مقامات ، کتب وغیرہ کے خاص ناموں پر خط ڈال دیتے ہیں یا کسی عبارت کو اس پر قاری کی خاص توجہ مبذول کرانے کے لیے زیر خط کردیتے ہیں ۔ انگریزی میں اس کا استعمال عام ہے لیکن اردو میں انگریزی کے برخلاف خط کو سطر کے اوپر ڈالا جاتا ہے ، نہ کہ نیچے ۔ زنجیرے کا استعمال تھی میں کسی لفظ یا عبارت کے اضافے کے وقت عام طور پر کیا جاتا ہے ۔ لیکن اس کا استعمال یا تو مصنف نظرثانی کے وقت خود اپنی تحریر میں کرتا ہے یا مصحح (Proof Reader) کتابت و کمپوزنگ میں اصل تحریر کے چھوٹے ہوئے الفاظ کے اضافے کے لیے کرتا ہے ۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ مصنف جہاں کہیں اپنی تحریر میں کسی لفظ کا اضافہ کرنا یا اسے بدل دینا چاہتا ہے ، وہاں سطر کے نیچے زنجیرے کا نشان (^ ، ^ ، ‸) بناکر سطر کے اوپر یا حاشیے میں مطلوبہ لفظ لکھ دیتا ہے ۔ اس علامت کو دیکھتے ہی قاری ، نقل نویس یا ٹائپسٹ سمجھ جاتا ہے کہ اضافہ شدہ لفظ یا عبارت اس جگہ پر شامل تحریر کی جائے گی ۔

البتہ اس میں کوئی شک نہیں کہ مطبوعہ تحریروں میں ، جو باربار کی اصلاح و ترمیم کے بعد چھپتی ہیں ، اس کے استعمال کی ضرورت باقی نہیں رہتی ، لیکن کسی کتاب کی اشاعت ثانی کے وقت ، اگر مصنف نے خود اس میں اصلاح و ترمیم کی ہو ، تو اس کے استعمال کی ضرورت پیش آسکتی ہے اس لیے میرا خیال ہے کہ اس کا استعمال ، خواہ کتنا ہی محدود ہو ، اسے بالکل ترک کردینا ، بلکہ اسے رموزِ اوقاف سے خارج کردینے کی سفارش کسی طرح مناسب نہیں ۔

پروفیسر محمد سلیم نے رموزِ اوقاف میں سے وقفے (Semi Colon) کی علامت (؛) کو ترک کردیا ہے اور مولوی عبدالحق نے جو علامت تفصیلیہ (:ـــ) کے لیے وضع کی تھی ، اسے نقطتین کے نام سے اختیار کیا ہے اور مقصد استعمال "تشریح و تفسیر" بنایا ہے ۔ تفصیلیہ کا بھی یہی مقصد ہے ۔ اس لیے اس پر اعتراض نہیں - اعتراض یہ ہوسکتا ہے کہ کسی اصطلاح اور اس کی شکل میں جو مناسبت ہونی چاہیے ، جیسے قوسین

واوین ، تلاین وغیرہ اصطلاحات اور ان کی شکلوں میں مناسبت پائی جاتی ہے ، اس میں اس کے برخلاف ہے ۔ نقطتین کا اطلاق رابطے کے نشان (:) پر ہو سکتا ہے لیکن تفصیلیہ کے نشان (:— Colon—Dash) پر نہیں ہوتا ۔ ختمہ (Fullstop) کے اردو نشان (۔) کے لیے سلیم صاحب نے خط کی اصطلاح وضع کی ہے جب کہ خط کی اصطلاح دوسرے اصحاب نظر نے دوسرے فعل کے لیے اختیار کی ہے ۔ بریکٹس کی ایک شکل [ ] کے لیے انہوں نے قلابین کی اصطلاح استعمال کی ہے ۔ جو شکلاً و معناً دونوں طرح درست ہے ۔ رابطے (Colon) کی علامت (:) کو انہوں نے بالکل ترک کردیا ہے ۔ سکتے (Comma) کے لیے ''قوما'' کا لفظ جو انگریزی کے لفظ ''کاما'' ہی کا مورد ہے ، استعمال میں آیا ہے لیکن سلیم صاحب نے اس کے لیے ''وقفہ ناقص'' کی اصطلاح استعمال کی ہے ۔ جب کہ دوسرے حضرات نے کامے کا متبادل ''سکتہ'' تجویز کیا ہے اور بڑے پیمانے پر اس کا رواج بھی ہوگیا ہے ۔ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ نے قوسین یا قلابین ( ) کی شکلوں اور بریکٹس کی تیسری شکل { } سب کے لیے بریکٹس کی انگریزی اصطلاح ہی کو اختیار کرلیا ہے ۔ لیکن شکلوں کی وضاحت کے لیے 'چھوٹا بریکٹ' منجھلا بریکٹ اور بڑا بریکٹ کی اصطلاحیں استعمال کی ہیں اور رشید حسن خاں کے مختارات کے مقابلے میں خط (—Dash) اور خط زیریں (——Under lining Dash) کا رموز و اعلام میں اضافہ کیا ہے ۔

بریکٹس کے سلسلے میں اس بات کی وضاحت نا مناسب نہ ہوگی کہ ان کی تین شکلیں معروف ہیں اردو میں ان کے لیے چھوٹا بریکٹ ، منجھلا بریکٹ اور بڑا بریکٹ کی اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں ۔ ان کی شکلوں کے اختلاف کی وضاحت کے لیے یہ نام مناسب بھی ہیں ۔ ان کی شکلیں یہ ہیں :

۱ ۔ چھوٹا بریکٹ ( )

۲ ۔ منجھلا بریکٹ { }

۳ ۔ بڑا بریکٹ [ ]

ان شکلوں کے اختلاف نے یہ ضرورت پیدا کردی تھی کہ ان کے نام الگ الگ تجویز کیے جائیں ، لیکن مولوی عبدالحق ، رشید حسن

خاں اور ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے ان تینوں کے لیے ایک ہی اصطلاح ''قوسین'' تجویز کی ہے اور باقی تینوں شکلیں رکھی ہیں جب کہ بشمول نارنگ استعمال سب نے صرف ایک، چھوٹے بریکٹ کا بتایا ہے۔ پروفیسر محمد سلیم نے بڑے بریکٹ کے لیے قلابین کی اصطلاح چھوٹے بریکٹ کی اصطلاح ''قوسین'' سے الگ استعمال کی ہے۔ منجھلا بریکٹ صرف ریاضی کے لیے مخصوص ہے۔ عام اردو تحریروں میں اس کا استعمال نہیں دیکھا۔ بریکٹس کی اصطلاحات کے سلسلے میں میرا خیال ہے کہ سلیم صاحب کی تجویز مناسب ہے، اس لیے کہ قلابین کا استعمال تدوین میں کسی محذوف لفظ یا کسی لفظ کی تصحیح یا عدم تفہیم کی صورت میں ''کذا'' لکھنے کے لیے ہوتا ہے، قوسین کا محل استعمال اس سے بالکل مختلف ہے۔ اس لیے میری رائے میں بڑے بریکٹ کی علامت کے لیے ''قلابین'' کی اصطلاح اختیار کر لینا مناسب ہوگا۔

ان اشارات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ رموز اوقاف کے لیے علائم کے تعین اور ان کے تسمیہ و تعریف کا مسئلہ متفق علیہ نہیں ہے۔ میرے خیال میں معاملہ املا کی معیاربندی کا ہو یا اعراب، علامات اور رموز اوقاف کی اصطلاحات کے تسمیہ و تعین کا ہو، اس میں یک سانیت ضروری ہے۔ یہ بات ابتدائی خواندگی سے لے کر املا و رسم الخط کے موضوع پر سیمیناروں اور ورک شاپوں تک نہایت ضروری ہے کہ جس طرح انگریزی، عربی وغیرہ میں پنکچوئیشن اور رموز اوقاف کے نام اور ان کی شکلیں قطعی متعین ہیں، اردو میں بھی ہونی چاہییں۔

رموز اوقاف کے بارے میں گوپی چند نارنگ نے لکھا ہے:

"مولوی عبدالحق نے قواعد اردو میں جن رموز اوقاف کی سفارش کی ہے، ان میں سے زیادہ تر اردو میں رائج ہو چکے ہیں، معمولی اضافے کے ساتھ انھیں پیش کیا جاتا ہے۔''

رشید حسن خاں نے بھی اعتراف کیا ہے کہ رموز اوقاف کی بحث میں انھوں نے مولوی صاحب کی تحریر سے خاص طور پر استفادہ کیا ہے۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے بھی انھی گیارہ علامتوں کو اختیار کیا ہے۔

جنھیں مولوی صاحب نے اپنی ''قواعد اردو'' میں بیان کیا ہے اس لیے میری راے میں مناسب ہوگا کہ انھیں کو مناسب ترمیم اور غور و فکر کے بعد قبول کر لیا جائے۔

میرا یہ بھی خیال ہے کہ تعلیم میں کسی علامت کو ترک نہ کیا جائے۔ ہر علامت کی تعریف و تفصیل اور اس کا محلِ استعمال بنایا جائے اور ترک و اختیار کا فیصلہ اہلِ قلم پر چھوڑ دیا جائے۔

★ ★ ★

چند کثیرالاستعمال الفاظ کا املا

املا کا مسئلہ اتنا غیر اہم نہیں، جیسا کہ اب تک سمجھا گیا ہے لیکن اتنا پیچیدہ بھی نہیں جتنا کہ بتایا جاتا ہے اور بعض حضرات کے ذہنوں پر مستولی ہے۔ یہاں چند کثیرالاستعمال الفاظ کے املا کا اصول بیان کیا جاتا ہے۔

۱۔ بعض حضرات لیے، دیے، پیے اور گئے، مٹے، پٹے وغیرہ کے املا میں فرق نہیں کرتے۔ ان الفاظ کا املا عجیب بے ترتیبی کا شکار ہے کوئی ے نقطوں کے ساتھ لکھتا ہے، کوئی اس پر ہمزہ استعمال کرتا ہے اور بعض اوقات تو ے کے نقطے اور ہمزہ، دونوں نظر آ جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں یہ اصول ذہن نشیں کر لیا جائے کہ ے سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو تو نقطے لگائے جائیں اور حرف ماقبل پر زبر ہو تو ہمزہ استعمال کیا جائے۔ مثلاً لیے، دیے، پیے، کیے وغیرہ اور گئے، مٹے، پٹے وغیرہ۔

۲۔ بعض اسما و افعال عام طور پر ایک ہی طرح لکھے جاتے ہیں، مثلاً: گاے (جانور) گائے (فعل) راے (اسم) رائے (فعل) چاے (پتی یا مشروب) پائے (فعل) پاے (جملہ) جائے (فعل)

اس سلسلے میں یہ بات ذہن نشیں رہے کہ گاے (جانور) راے (اسم) چاے (پتی یامشروب) ہاے (جملہ) وغیرہ الفاظ سہ حرفی ہوتے ہیں، جب کہ گائے، لائے، پائے، جائے وغیرہ تمام افعال چہار حرفی ہوتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ اسما و افعال میں فرق اور سہ حرفی اور چہار حرفی لفظوں میں پہچان کے لیے اسما وغیرہ کو بغیر ہمزہ کے اور افعال کو لازماً ہمزہ کے ساتھ لکھنا چاہیے۔

۳۔ مرکبِ اضافی اور توصیفی میں جو ے آتی ہے اس پر بھی ہمزہ کا استعمال درست نہیں ہے۔ ان جملوں میں ے ہمزہ کی قائم مقام ہوتی ہے، مثلاً، حکماءِ وقت، رؤساءِ شہر، علماءِ کرام، فقہاءِ عظام وغیرہ۔ ان تراکیب میں ہمزہ کو ے سے بدل دیا جائے گا، جیسے: حکمائے وقت، رؤسائے شہر، علمائے کرام، فقہائے عظام۔ ان میں ے ہمزہ کی قائم مقام ہو گئی۔ اب اس پر ہمزہ لگانے کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ اگر کسی نے ہمزہ لگا دیا تو املا غلط ہو جائے گا۔

۴۔ فاعل اور فواعل × کے وزن پر اردو یا کسی زبان میں جو الفاظ آئیں گے ان میں ہمزہ استعمال کیا جائے گا، جیسے: مائل، قائل، ٹائپ، رسائل، مسائل، فوائد، حقائق وغیرہ البتہ ایسے الفاظ جن کے تلفظ میں ے واضح ہو، ان میں ے استعمال ہوگی، جیسے: رہایش، فرمایش، گنجایش وغیرہ۔

۵۔ مستقل بالذات الفاظ کو ملا کر لکھنے کی روایت قدیم بھی ہے اور عام بھی ہے بعض لوگ تو حروف و افعال کو ملا کر لکھ دیتے ہیں، جیسے: انشاءاللہ، لیکن نہ صرف املا کی سہولت کا تقاضا یہ بھی ہے کہ انھیں الگ الگ ہی لکھنا چاہیے۔ اصولاً بھی انھیں الگ الگ ہی لکھنا چاہیے اصول یہ ہے کہ ہر مستقل لفظ کو الگ لکھنا چاہیے، مثلاً: چوں کہ، چناں چہ دو دو مستقل لفظوں کے مجموعے ہیں، چہ جائے کہ تین لفظوں کا مجموعہ ہے۔ ان لفظوں کو اور ان جیسے دوسرے لفظوں کو الگ الگ لکھنا چاہیے۔ محض اس وجہ سے کہ ان لفظوں کو ملا کر لکھنے کی روایت ملتی ہے، غلط کو صحیح قرار نہیں دیا جا سکتا۔

اسی طرح اس کو، ان کے، کے لیے، کیوں کہ، اس وقت، ایک دن، بے حد، بھیج دیا وغیرہ بے شمار الفاظ ہیں اسی قسم کا جملہ ''ان شاء اللہ'' ہے، جسے ملا کر لکھا جاتا ہے۔ حالانکہ ان ایک الگ لفظ ہے، 'شاء' دوسرا لفظ ہے۔ اس قسم کے تمام الفاظ کو الگ الگ لکھنا چاہیے۔

انجمن ترقی اردو نے سفارش کی تھی کہ ہر لفظ کے صوتی اجزا کو

الگ الگ لکھا جائے۔ اصولاً یہ ایک نہایت معقول تجویز تھی جس کی سفارش کی گئی تھی، لیکن عام اور سانوس الفاظ میں اس اصول کی پابندی کے اہتمام کی ضرورت نہیں، مثلاً مسٹر، اسکول، اسٹول، ولیم، اسٹیشن، شکلیں وغیرہ میں اگر اس اصول کو برتا جائے تو ان الفاظ کی شکل یہ ہو جائے گی: مِس ٹر، اِس کول، اِس ٹول، وِل یم، اِس ٹے شن، شک لیں۔ ان الفاظ کا اصولاً یہ بالکل صحیح املا ہے، لیکن اس طرح ان الفاظ کی مانوس شکلیں بھی ہمارے لیے غیر مانوس اور ان جانی ہو جاتی ہیں۔ البتہ کثیرالحروف الفاظ کے املا میں یہ اہتمام ضرور سہولت پیدا کرے گا، مثلاً: یونی ورسٹی، سرٹی فیکیٹ، انسٹی ٹیوٹ وغیرہ الفاظ اگر اسی طرح کے مناسب ٹکڑوں میں لکھے جایا کریں، تو مناسب ہوگا۔

۶- بہت سے حضرات دو چشمی ہے (ھ) کے استعمال پر غور نہیں کرتے۔ جس حرف کو اردو میں ''دو چشمی ہے'' کہا جاتا ہے، وہ کوئی حرف نہیں دو چشمی ہے ہمیشہ کسی حرف سے مل کر وجود میں آتی ہے، جیسے: بھ، پھ، تھ، کھ، گھ وغیرہ۔ پس ضروری ہے کہ جن لفظوں میں دو چشمی ہے (ہائے مخلوط) آتی ہے، انہیں ہائے مخلوط کے ساتھ لکھا جائے، جیسے انھیں، تمھیں، گھر،، لکھنا، پڑھنا، اٹھنا، بیٹھنا، مجھے۔ اس قسم کے لفظوں کے املا میں ہائے مخلوط کو اس کی اصلی شکل (ھ) میں لکھنا چاہیے۔

جن لفظوں میں ہائے ہوز (ہ) ہو، انہیں کہنی دار لکھنا چاہیے، جیسے: کہنا، پہننا، گہنا، کہا، بہنا وغیرہ اور جب (ہ) آخر میں آئے تو اسے اس شکل میں لکھنا چاہیے، جیسے: زندہ، مردہ، بیوہ، مکروہ وغیرہ۔

—— : ০ : ——

صحت نامہ

کتابیات اردو املا اور دوسرے مسائل

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲	۶	قرآن السعدین	قران السعدین
۱۵	۷	عضنفر	غضنفر
۲۵	۹	دروائی	دردائی
۲۵	۱ تا ۳	اندراج نمبر ۱۰۸	اندراج زائد ہے - اسے حذف سمجھا جائے -
۲۷	۴ ، ۵	اندراج نمبر ۱۱۶	اندراج زائد ہے - اسے حذف سمجھا جائے -
۲۹	۸	میں ورق اور	میں ہر ورق بطور
۲۹	۱۲ تا ۱۴	اندراج نمبر ۱۳۸	اندراج زائد ہے - اسے حذف سمجھا جائے -
۳۶	۶	۱۸۷۸ء	۱۹۷۸ء
۳۶	۷	الکتتاب	الکتاب
۵۴	۱۴	جٹوبادھیا	چٹوبادھیا
۵۹	۱۲	دشنوناتھ	وشنوناتھ
۵۹	۱۷	—	اس سطر کو حذف سمجھا جائے -
۷۰	۶	اورئینٹل	اوریئنٹل
۷۳	۱۸	''اردو کی محفل'' علی گدھ	اردوئے معلیٰ علی گڑھ
۷۷	۱۵	''اورنگ آباد''	اورنگ آباد
۷۸	۸	مصر : جوبلی	: جوبلی -

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۸۳	۹	تحفانی	تحتانی
۸۹	۱۶	ترویح	ترویج
۹۳	۵	تجربہ	تحریر
۹۶	۷	دیوتا گری	دیوناگری
۱۰۳	۵، ۶، ۷، ۸	اندراج نمبر ۷۰۹	اندراج زائد ہے۔ اسے حذف سمجھا جائے۔
۱۰۶	۱۶ تا ۲۱	اندراج نمبر ۷۴۴	اندراج زائد ہے۔ اسے حذف سمجھا جائے۔
۱۰۷	۴	از بہ	از
۱۱۱	۱۳	مخارج	مخارج
۱۱۴	۱۱	اردو میں	ادبی اور
۱۱۵	۴	التماص	التماس
۱۱۶	۱	کیعی	کیفی
۱۱۹	۸، ۹	اندراج نمبر ۸۴۰	اندراج زائد ہے۔ اسے حذف سمجھا جائے۔
۱۲۱	۴، ۵	اندراج نمبر ۸۵۰	اندراج زائد ہے۔ اسے حذف سمجھا جائے۔
۱۲۵	۵	کفالت	کفارت
۱۰	۲	ہندوستانی	ہندوستانی کیا ہے؟
۱۲	۹	کتبہ	مکتبہ
۱۳	۲۲	سیاب	سیاب
۱۴	۶	ازاحۃ	ازالہ
۲۷	۱۹	اندراج ۱۲۳ حذف سمجھا جائے۔	
۲۹	۵	لطابع	مطابع
۳۴	۶	مت	مترجم
۷۶	۱۱	سوکت	شوکت
۸۷	۲۰	اندراج ۸۷ حذف سمجھا جائے۔	
۹۹	۱۴	اندراج ۹۶۶ حذف سمجھا جائے۔	
۱۵۶	۲۱	( )	(سہ)
۱۵۶	۲۷	( )	(عہ، عمہ، سہ، *)